besturdubooks.wordpress.com

قرآن کریم کے طالب علموں کے لیے عظیم تحفہ

لغات القرآن

Quraanic Dictionary

- ★ قرآنی الفاظ اور اُن کے معانی کا نادر انسائیکلوپیڈیا
- ★ قرآن کریم کے اسماء اور مصادر کی حروفِ تہجی کی ترتیب پر فہرست اور اُن کے معانی
- ★ قرآن کریم میں آنے والے ہر اسم کی مجموعی تعداد
- ★ قرآن کریم میں استعمال ہونے والے کل مصادر اور ان سے وجود میں آنے والے قرآنی صیغے
- ★ ہر ہر اسم اور مصدر کی ایک ایک مثال

تالیف
مفتی محمد نعیم
استاذ دارالافتاء جامعہ اشرف المدارس گلشن اقبال کراچی
خطیب مسجد توحید ڈیفنس آفیسرز ہاؤسنگ سوسائٹی ملیر کینٹ کراچی

ناشر
مکتبۃ النور کراچی

besturdubooks.wordpress.com

قرآن کریم کے طالب علموں کے لیے عظیم تحفہ

Quraanic Dictionary

★ قرآنی الفاظ اور اُن کے معانی کا نادر انسائیکلوپیڈیا

★ قرآن کریم کے اسماء اور مصادر کی حروف تہجی کی ترتیب پر فہرست اور اُن کے معانی

★ قرآن کریم میں آنے والے ہر اسم کی مجموعی تعداد

★ قرآن کریم میں استعمال ہونے والے کل مصادر اور ان سے وجود میں آنے والے قرآنی صیغے

★ ہر ہر اسم اور مصدر کی ایک ایک مثال

بہ برکت دعا

عارف باللہ حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب مدظلہم العالی

تالیف

مفتی محمد نعیم

خلیفۂ مجاز بیعت

عارف باللہ حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب مدظلہم العالی

ناشر

مکتبۃ النور کراچی

besturdubooks.wordpress.com

جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام کتاب	:	لغت القرآن
تالیف	:	مفتی محمد نعیم، دارالافتاء جامعہ اشرف المدارس کراچی
کمپوزنگ	:	فاروقِ اعظم کمپوزرز، کراچی
سن اشاعت	:	اکتوبر ۲۰۰۷ء

ناشر

مکتبۃ النور، کراچی

0333-2375446

ملنے کے پتے:

- کتب خانہ مظہری، گلشن اقبال نمبر 2، کراچی
- ادارۃ الانور، بنوری ٹاؤن، کراچی
- ادارہ اسلامیات، لاہور
- مکتبہ العارفی، فیصل آباد
- مکتبہ دارالعلوم، کراچی

besturdubooks.wordpress.com

حرفِ آغاز

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَ نُصَلِّی وَنُسَلِّمْ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الکَرِیۡم

کچھ قرآن کریم کے بارے میں......

اللہ تعالیٰ نے پوری انسانیت کی ہدایت کے لیے اپنے آخری پیغمبر، سرور کائنات، حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایسی مقدس کتاب اتاری، جسے بلاشبہ دنیا وآخرت کی عظیم ترین نعمت اور تحفہ کہا جا سکتا ہے۔

یہ مقدس کتاب قیامت تک آنے والے ہر انسان کے لیے ہر زمانے میں ہدایت اور راہنمائی کرتی ہے، دنیا و آخرت میں کامیابی کا دارومدار اس پر کامل ایمان لانے میں منحصر ہے۔

خاص طور سے اہل اسلام جو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس مقدس کتاب پر ایمان رکھتے ہیں، ان کے لیے دنیا و آخرت میں مکمل سرخروئی، شان وشوکت، عزت وکامرانی کتاب اللہ کی تعلیمات پر عمل کیے بغیر ممکن نہیں ہے۔

بڑے دُکھ اور درد کی بات ہے کہ آج کے مسلمان قرآن کریم کے بارے میں بڑی غفلت اور جہالت کے مرتکب ہو رہے ہیں۔

کتنے ایسے مسلمان ہیں، کہ جنہیں قرآن کریم کے الفاظ ہی صحیح پڑھنا نہیں آتے، حالانکہ یہ قرآن کریم کا ان پر سب سے پہلا حق ہے جس میں ایسی لا پرواہی اختیار کی جا رہی ہے۔

اور پھر ایسے مسلمانوں کی تعداد بھی کم نہیں ہے جو قرآن کریم کی تلاوت تو کسی طرح سے بھی کر لیتے ہیں، مگر اس کے معانی، اس کے احکام، اس کی ہدایات اور اس کی نصیحت سے بالکل بے خبر ہیں۔

حالانکہ قرآن کریم کے معانی سیکھنا، اس کی بتلائی ہوئی آفاقی نشانیوں میں غور وفکر کرنا، اس کی نصیحت سے فائدہ اٹھانا، اور اس کے احکام پر عمل کرنا بھی ہمارے ذمہ لازم ہے۔

قرآن کریم کی درج ذیل آیات کو پڑھ کر ٹھنڈے دل سے غور کیجئے، کہیں ایسا نہ ہو کہ ہم ان آیات کا مصداق بن جائیں۔ اور پھر میدان حشر میں سوائے افسوس اور ندامت کے کچھ ہاتھ نہ آئے۔ اس لیے دانشمندی کا تقاضا یہ ہے کہ ہم آج سے ہی اپنے لیے سیدھے اور سچے راستے کا انتخاب کر لیں۔ اپنے ٹوٹے ہوئے ناطے کو پھر سے قرآن مجید کے ساتھ جوڑ لیں۔

اٹھارہویں پارے کی ''سورۃ الفرقان'' میں ہے:

besturdubooks.wordpress.com

﴿وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِى اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا ۝ يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِى لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا ۝ لَقَدْ اَضَلَّنِى عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ اِذْ جَآءَنِى وَ كَانَ الشَّيْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلًا ۝ وَقَالَ الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِى اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا ۝﴾

ان آیات کا مفہوم یہ ہے:

وہ دن یاد کرو جس دن ظالم آدمی انتہائی حسرت اور افسوس سے اپنے ہاتھ کاٹ کھائے گا، اور کہے گا کہ کیا ہی اچھا ہوتا کہ میں رسول کے راستہ پر چلتا، ہائے میری شامت کہ میں نے ایسا نہیں کیا ـــــ اور کیا ہی اچھا ہوتا کہ دنیا میں اس شخص کو دوست نہ بناتا، اسی کے کہنے سے تو نصیحت آنے کے بعد سیدھے راستے سے بھٹک گیا۔ اس دن رسول صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ سے بطور شکوہ و شکایت عرض کریں گے کہ اے میرے پروردگار! میری اس قوم نے اس قرآن کو بالکل نظرانداز کر دیا تھا۔

مشہور مفسر امام قرطبی رحمۃ اللہ علیہ کی بیان کردہ روایت کے مطابق یہ وعید اصل میں کافروں کے لیے ہے، مگر اس میں وہ مسلمان بھی شامل ہیں جو قرآن پر ایمان رکھتے ہوئے نہ اس کی تلاوت کرتے ہیں اور نہ اس کے احکام پر عمل کرتے ہیں۔

سولہویں پارے کی ''سورۂ طٰہٰ'' کی ان آیات میں بھی عقلمند شخص کے لیے خوب نصیحت موجود ہے:

﴿وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِىْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّ نَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ۝ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِىْ اَعْمٰى وَ قَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا ۝ قَالَ كَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا ۚ وَ كَذٰلِكَ الْيَوْمَ تُنْسٰى ۝﴾

ان آیات کا ترجمہ و مفہوم یہ ہے:

جو شخص بھی میری اس نصیحت (قرآن کریم) سے اعراض کرے گا، تو اس کے لیے دنیا کی زندگی تنگ کر دی جائے گی، اور قیامت کے روز ہم اس کو قبر سے اندھا کر کے اٹھائیں گے، وہ تعجب سے کہے گا کہ اے میرے رب! آپ نے مجھے اندھا کر کے کیوں اٹھایا ہے حالانکہ دنیا میں تو میں آنکھوں والا تھا، ارشاد ہوگا (تیری سزا تیرے رویے کے مطابق دی گئی ہے کیوں کہ) تیرے پاس (انبیاء اور علماء کے واسطے سے) ہماری آیات پہنچی تھیں پھر تو نے ان کا کچھ خیال نہ کیا۔ انہیں بھلا دیا تھا ایسے ہی آج تیرا خیال نہ کیا جائے گا اور تجھے بھلا دیا جائے گا۔

قرآنِ کریم کے بارے میں دوسری بڑی کوتاہی:

ایک طرف تو ہمارا حال یہ ہے کہ اوّل تو سرے سے قرآن کریم کی تعلیم و تبلیغ کی طرف توجہ ہی نہیں ہے۔ دوسری طرف اگر

besturdubooks.wordpress.com

بعض حضرات کے دل میں قرآن کریم سیکھنے کا ولولہ پیدا ہوتا ہے تو پھر وہ دوسری طرف کی حدوں کو پار کر جاتے ہیں، اور گمراہی کے راستے پر چل کر اپنی ایمان اور آخرت کا نقصان کر بیٹھتے ہیں۔ شاعر کے بقول ان کی حالت یہ ہوتی ہے ؎

غفلت سے باز آیا جفا کی
تلافی کی بھی ظالم نے تو کیا کی

چنانچہ بعض وہ حضرات جو ازخود ترجمہ قرآن مجید پڑھتے ہیں اور کسی مستند عالمِ دین کی شاگردی اختیار نہیں کرتے تو وہ قرآن کریم کی تعلیمات میں اپنے عقلی گھوڑے دوڑانا شروع کر دیتے ہیں۔ اور اپنی رائے سے جو کچھ ذہن میں ہوتا ہے قرآن کریم کی آیات کا مطلب بیان کرنا شروع کر دیتے ہیں اور ظاہر ہے یہ وہ خطرناک راستہ ہے جس سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادات میں بہت ڈرایا ہے:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"مَنْ قَالَ فِي الْقُرْاٰنِ بِرَأْيِهِ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ." (جامع الترمذی)

"جس شخص نے اپنی رائے اور خیال سے قرآن کریم کے بارے میں کوئی بات کہی تو اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ دوزخ میں بنالے۔"

"جامع ترمذی" اور "سنن ابوداؤد" میں حضرت جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"مَنْ قَالَ فِي الْقُرْاٰنِ بِرَأْيِهِ فَأَصَابَ فَقَدْ أَخْطَأَ." (ترمذی، سنن ابی داؤد، کما فی المشکوٰة، کتاب العلم)

"جس شخص نے قرآن کریم کے بارے میں اپنی رائے سے کوئی بات کہی اگرچہ اس نے ٹھیک بات کہی ہو پھر بھی اس نے غلط کام کیا۔"

اس ناچیز (راقم الحروف) کی تمام قارئین کی خدمت میں دردمندانہ گذارش ہے کہ وہ ازخود ترجمہ دیکھ کر اپنی سوچ اور رائے سے مطلب سمجھنے کی بجائے اُن علماء کرام کی مستند تفاسیر سے استفادہ کریں، جو حضرات صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور اسلاف امت کے صحیح ذوق کے پاسدار ہیں، اور انہوں نے امت مسلمہ کے اجتماعی مسئلوں میں کوئی نئی راہ نہیں نکالی۔

نیز قرآن کریم کو نصیحت حاصل کرنے کے لیے پڑھیں، اور اس کی نصیحت سے اپنے دلوں میں خشیتِ الٰہی اور خوفِ آخرت پیدا کریں، قرآن مجید بلاشبہ بہت آسان ہے مگر نصیحت کے لیے آسان ہے، اجتہاد کے لیے آسان نہیں ہے۔

چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾ (سورۃ القمر ایت:)

ہم نے قرآن کریم کو نصیحت کے لیے آسان کیا ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

لہٰذا اِسے اس لیے نہ پڑھیں کہ ترجمہ وتفسیر دیکھ کر اپنے لیے اجتہاد کے دروازے کھول لیں، اور بزعمِ خود مجتہد بن کر دین کی خدمت کے بجائے الٹا نقصان پہنچا بیٹھیں۔

ناچیز (راقم الحروف) کے مرتب کردہ مجموعے ''مثنویٔ مولانا رومؒ کے ایمان افروز واقعات'' سے ایک واقعہ پیشِ خدمت ہے، امید ہے کہ واقعہ کی صورت میں شیخ الاسلام مولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ کی نصیحت ہمارے لیے مشعلِ راہ بنے گی۔

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک بار ایک شاہی باز محل سے اُڑ گیا اور پڑوس میں ایک بوڑھی عورت کے گھر پہنچ گیا، بڑھیا نے اس باز کو پکڑ لیا۔ بڑھیا نے جب اس کے لمبے لمبے ناخن اور بڑے بڑے پر دیکھے تو اسے باز پر بہت ترس آیا۔ اس نے دل میں سوچا کہ اس بیچارے غریب کی آج تک کسی نے خبر گیری نہ کی۔ یہاں تک کہ اس کے ناخن اور پر بڑے ہوگئے۔ چنانچہ باز پر رحم کھاتے ہوئے اس نے قینچی لی اور اس نے اس کے بڑے بڑے ناخنوں کو اور اس کے بڑے بڑے پروں کو کاٹ دیا اور کہا کہ افسوس کہ تو کس نااہل کے یہاں پڑا تھا۔ جس نے تجھے یتیم کی طرح بنا رکھا تھا۔

مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جاہل اور نادان کی محبت اسی طرح کی ہوتی ہے، حالانکہ حقیقت میں باز کے ناخن اور پر ہی تو اس کے کمالات تھے، جن سے وہ شکار کرتا ہے اسی وجہ سے وہ باز کہلاتا تھا۔ اور اس نادان عورت کو وہی کمالات عیب نظر آئے اور باز کو اس ظالمہ نے بالکل ہی بیکار کر دیا اور کبوتر کی طرح بنا دیا۔

ایک دن بادشاہ باز کو تلاش کرتے کرتے اس عورت کے گھر آ پہنچا اور اچانک اپنے باز کو اس حالت میں دیکھ کر رونے لگا اور وہ باز اپنے پروں کو بادشاہ کے ہاتھ پر ملتا تھا اور زبانِ حال سے کہہ رہا تھا کہ

''میں نے آپ سے علیحدگی کا انجام دیکھ لیا اور اپنی بڑی غلطی کا مزہ چکھ لیا۔''

زبانِ حال سے باز نے پھر کہا کہ اے بادشاہ میں شرمندہ ہوں اور توبہ کرتا ہوں اور نیا عہد و پیمان کرتا ہوں۔

مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ اس واقعہ سے نصیحت فرماتے ہیں کہ یہ دنیا اسی جاہل بوڑھی عورت کے مانند ہے کہ جو شخص اس دنیا پر مائل ہوتا ہے وہ بھی اسی طرح ذلیل اور بے وقوف ہے۔

جو شخص کسی جاہل سے دوستی کرتا ہے اس کا وہی انجام ہوتا ہے جو اس شاہی باز کا اس بوڑھی نادان عورت کے ہاتھ سے ہوا۔

حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ بعض نادان اسی طرح خادمِ اسلام ہونے کے مدعی ہیں اور اپنی جہالت اور نادانی سے اسلام کو اپنے نظریاتِ احمقانہ کے تابع کر کے اس کی حقیقی صورت کو مسخ کر رہے ہیں اور عموماً یہ وہی لوگ ہیں جو اپنے ذاتی مطالعہ سے اہلِ قلم بن بیٹھے ہیں اور کسی کامل استاذ سے دین

besturdubooks.wordpress.com

کو نہیں سیکھا۔ ایسے لوگوں کی تصنیف کے مطالعہ سے احتیاط واجب ہے۔

چنانچہ مسلم شریف میں ہے:

"اِنَّ هَذا الْعِلْمَ دِيْنٌ فَانْظُرُوْا عَنْ مَنْ تَأْخُذُوْنَ دِيْنَكُمْ وَالْاِسْنَادُ مِنَ الدِّيْنِ"

"جس شخص سے دین سیکھو پہلے اس کے بارے میں اس وقت کے کاملین کی رائے معلوم کرلو۔ یعنی جس برتن سے پانی پینا ہے اس کے اندر دیکھ لو کہ پانی صاف ہے یا کچھ اور ملا ہوا ہے، ورنہ جو اس میں ہے وہی منہ میں داخل ہوگا اور دینِ صحیح کے لیے اسناد ضروری ہے۔"

مذکورہ بالا واقعہ سے حاصل ہونے والا سبق:

اس واقعہ سے مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ ہمیں بہت اہم نصیحت فرمانا چاہتے ہیں جس پر عمل کر کے ہم دورِ حاضر کے بہت سارے فتنوں سے اپنے دین اور ایمان کو بچا سکتے ہیں۔ وہ نصیحت یہ ہے کہ اگر کسی کو شریعت کے تمام علوم میں کامل مہارت نہیں ہے تو وہ خود محض سرسری مطالعہ یا قرآن وحدیث کا اردو ترجمہ دیکھ کر، اپنے زمانے کے مستند علماء سے باقاعدہ تعلیم حاصل کیے بغیر دینی معاملات میں رائے زنی کرنے سے احتراز کرے۔ ورنہ ہوگا یہ کہ وہ اپنے طور پر تو اس بڑھیا کی طرح یہ سمجھے گا کہ میں دینِ اسلام کی بہت بڑی خدمت کر رہا ہوں، مگر درحقیقت وہ اپنی خدمت کے ذریعے اسلام کی جڑیں کاٹ ڈالے گا۔ اور اسلام کے اُن احکام کو، شاہی باز کی طرح جن کی بنیاد پر دینِ اسلام کی پرواز بہت اونچی ہے اور انہی احکام کی وجہ سے اسلام کی شان وشوکت ظاہر ہوتی ہے۔ یہ اپنی خدمت کے ذریعہ کاٹ ڈالتا ہے۔

اور یہ نوبت عموماً اس وقت پیش آتی ہے جب بندہ ساری زندگی دنیوی دھندوں میں مصروف رہتا ہے پھر جب عمر کے آخری حصے میں دینِ اسلام کی خدمت اور اپنی ساری زندگی کی کوتاہیوں کی تلافی کا جذبہ پیدا ہوتا ہے تو اب ہر فرد علمی کمال اور رسوخ حاصل کیے بغیر خود ساختہ مجتہد بن کر، قرآن مجید اور حدیث کی کتابوں کا ترجمہ دیکھ کر ان بڑے بڑے ائمۂ دین اور بزرگانِ دین کی تعلیمات کے برعکس اپنی رائے پیش کرتا ہے جنہوں نے زندگیاں اللہ تعالیٰ کے دین کی نصرت کے لیے صرف کردیں۔ چنانچہ اس طرح پیشوا بن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق خود بھی گمراہ ہوتے ہیں اور دوسروں کو بھی گمراہ کرتے ہیں۔

خدارا! ایسے لوگ سوچیں کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ ہم خدمت کی بجائے الٹا دینِ اسلام کو نقصان پہنچا بیٹھیں۔

دیکھئے! جہاد، پردہ، سود کی حرمت، داڑھی، اسلامی وضع قطع وغیرہ وغیرہ اسلام کے کیسے نمایاں احکام ہیں۔ مگر کتنے لوگ ہیں کہ اسلام کی خدمت کے جذبے میں اسلام پر ترس کھاتے ہوئے، شاہینِ اسلام کے یہ پر کاٹ دیتے ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

کچھ ''لغت القرآن'' کے بارے میں......

بنیادی طور پر ''لغت القرآن'' کی تیاری میں قرآنی الفاظ کو چار مختلف حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

(۱) کثیر الاستعمال قرآنی اسماء:

یہاں اسماء سے مراد وہ قرآنی الفاظ ہیں جو عربی گرامر میں ''اسم جامد'' کہلاتے ہیں، جو خود کسی دوسرے اسم سے مشتق ہوتے ہیں اور نہ ہی کوئی دوسرا اسم خود اس اسم سے مشتق ہوتا ہے۔ جیسے ''رَجُلٌ'' کا معنی ہے آدمی مگر یہ ایسا اسم ہے کہ جو کسی دوسرے اسم سے نکلا (مشتق ہوا) ہے اور نہ اس اسم سے دوسرے اسماء نکلے (مشتق ہوئے) ہیں۔

اور پھر ان جامد اسماء میں سے جو اسم دس یا اس سے زیادہ مرتبہ قرآن کریم میں آیا ہے اس کو ''کثیر تعداد'' والے اسماء کے کالم میں درج کر دیا گیا ہے۔ چنانچہ اس معیار کو ملحوظ رکھتے ہوئے کثیر تعداد میں استعمال ہونے والے ''اسماء'' کی فہرست مرتب کی گئی ہے۔

(۲) قلیل الاستعمال قرآنی اسماء:

اس کالم میں بھی اسماء سے مراد ''اسمائے جامدہ'' ہیں جن کا تعارف پچھلے عنوان کے تحت ذکر کیا جا چکا ہے۔

باقی ''قلیل الاستعمال'' ہونے کا مدار قرآن کریم میں اس کے استعمال کی تعداد پر ہے، اگر وہ اسم دس مرتبہ سے کم قرآن حکیم میں آیا ہے تو اُسے ''قلیل الاستعمال قرآنی اسماء'' کے کالم میں درج کیا گیا ہے۔

(۳) کثیر الاستعمال قرآنی مصادر:

یہ کالم ''لغت القرآن'' کا طویل ترین اور مفید ترین کالم ہے، اس میں ''کثیر الاستعمال'' کا معیار تو گذشتہ تفصیل کے مطابق دس کے عدد پر رکھا گیا ہے۔

باقی اس کالم میں ''قرآنی مصادر'' سے مراد وہ الفاظ ہیں جن سے قرآنی صیغے اور افعال وجود میں آئے ہیں۔

قرآن کریم میں مصادر کا استعمال بھی ہوا ہے ـــــ لیکن اس سے کہیں زیادہ اس مصدر سے وجود میں آنے والے مختلف صیغے پورے قرآن کریم میں مختلف مواقع میں استعمال ہوئے ہیں۔

''کثیر الاستعمال قرآنی مصادر'' کے تحت اس کالم میں ''مصادر'' کو بھی ذکر کیا گیا ہے، اور خاص طور سے ان مصادر سے وجود میں آنے والے قرآنی صیغے بھی الگ درج کیے گئے ہیں۔ اور ان ''صیغوں'' کے اندراج میں صرف اُنہی صیغوں کا انتخاب کیا گیا ہے جو قرآن کریم میں آئے ہیں۔ ''علم الصرف'' کے اعتبار سے اس مصدر کے دوسرے صیغے بھی ہو سکتے ہیں۔ مگر وہ ہماری ''لغت

besturdubooks.wordpress.com

القرآن" کے موضوع سے خارج ہونے کی بنیاد پر درج نہیں کئے گئے۔

پھر ان صیغوں کا استعمال قرآن کریم میں جتنی مرتبہ ہوا ہے اس کی تعداد بھی لکھ دی گئی ہے مثلاً اس لغت کے پہلے مصدر "اَلْاِبَاءُ" کو لے لیجئے، اس مصدر سے وجود میں آنے میں صیغوں میں سے قرآن کریم میں مندرجہ ذیل استعمال ہوئے ہیں:

أَبٰى - أَبَوْا - اَبَيْنَ - تَأْبٰى - يَأْبَ - يَأْبٰى اور یہ صیغے قرآن کریم میں تیرہ مقامات میں آئے ہیں۔ اس "لغت" کے پہلے ایک مصدر کے معنی کو یاد کر لینے میں قرآن کریم کے تیرہ الفاظ کا مفہوم ذہن نشین ہو جاتا ہے۔

یہ بات بھی ملحوظ خاطر رہے کہ قرآن کریم میں ایسے مقامات بھی کم نہیں ہیں جہاں صرف صیغے استعمال ہوئے ہیں ان کا مصدر قرآن حکیم میں نہیں آیا۔ مگر اس کتاب میں مستند لغات سے استفادہ کرتے ہوئے ان کا مصدر اور اس کا معنی لکھ دیا گیا ہے اور مصدر کی تحقیق میں اس لئے جستجو کی گئی ہے کہ بڑی تعداد میں استعمال ہونے والے صیغوں کا بنیادی سرچشمہ یہی "مصدر" ہوتا ہے۔

④ قلیل الاستعمال قرآنی مصادر:

اس عنوان کے تحت ان "قرآنی مصادر" کا اندراج کیا گیا ہے جن کا قرآن کریم میں استعمال ہمارے مقرر کردہ معیار کے مطابق دس سے کم مرتبہ ہوا ہے، اس کالم میں مصادر، ان کے معنی اور وجود میں آنے والے صیغے درج کئے گئے ہیں۔

ان تمام عنوانات میں اسماء، مصادر اور ان کے لکھے گئے معانی کا فائدہ ہر اس شخص کے لئے عام ہوگا جو قرآن حکیم کا ترجمہ سمجھنا چاہتا ہے، مگر مصادر سے بننے والے "صیغوں" سے "مدارسِ عربیہ" کے طلباء کرام علم الصرف کی تعلیم حاصل کرتے ہوئے اور صیغوں کی مشق کے اسباق میں زیادہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

قرآن کریم کے "اسماء" اور "مصادر" کی تعداد ذکر کرنے میں قرآنی معلومات میں اضافے کے ساتھ ساتھ اس مایوس احساس کو بیدار کرنا بھی مقصود ہے، جس کے ہوتے ہوئے بندہ قرآن کریم جیسی مقدس کتاب کو سیکھنے کی جرأت نہیں کرتا، چنانچہ تعداد کے ذکر سے حوصلہ بڑھے گا کہ ایک لفظ یاد کر لینے سے اسے "قرآن کریم" کے کتنے زیادہ مقامات کا ترجمہ آ چکا ہے۔

نیز ہر ہر لفظ کے ساتھ آخر میں اس کی قرآنی مثال، سورت کا نام آیت نمبر اور اس کا ترجمہ ذکر کیا گیا ہے، تاکہ قرآن کریم کا طالبِ علم فوری طور پر اس اسم یا مصدر یا اس سے وجود میں آنے والے صیغے کا استعمال اور اس کے معنی کو ایک نظر میں دیکھ لے۔

"لغت القرآن" سے استفادہ کرنے والا ایک طالب علم بخوبی اندازہ لگا سکتا ہے کہ یہ کام اپنی ذات میں کس قدر کٹھن اور مشکل ہے۔ قرآن کریم کے بحرِ بے کنار میں غوطہ زنی کر کے الفاظ و معانی کے یہ بیش بہا موتی اور جواہرات کو اکٹھا کرنا بے مایہ، بے علم اور ناتواں راقم الحروف کے اکیلے بس کی بات نہیں تھی۔ اگر میرے چند اُن مخلص عزیز طالب علموں اور دوستوں کا بڑا تعاون

besturdubooks.wordpress.com

نہ ہوتا تو یہ "لغت القرآن" اپنی پوری رعنائیوں کے ساتھ کبھی بھی منظر عام پر نہ آسکتی تھی ـــــ جنہوں نے اس وسیع دینی خدمت میں مقدور بھر حصہ ڈالا۔ خاص طور سے میرے عزیز القدر دوست مولانا عبدالخالق صاحب سلمہ (فاضل جامعہ دارالعلوم کراچی اور متخصص واستاذ جامعہ اشرف المدارس کراچی) کا اس "لغت القرآن" کی جانچ پڑتال، ترتیب و پروف ریڈنگ وغیرہ میں بہت بڑا حصہ ہے۔

اللہ تعالیٰ کے حضور بصد عجز و نیاز دعا ہے کہ وہ ان تمام حضرات کی خدمات کو قبول فرماتے ہوئے اپنی شایان شان جزائے خیر عطا فرمائے۔ اور قرآن کریم کو ہم سب کے لئے سفارشی بنادیں۔ اور اخلاص و احسان اور صحت و عافیت کے ساتھ مزید سے مزید مقبول خدماتِ دینیہ کی توفیق عطا فرمائیں۔

اس کتاب کی تیاری میں سب سے زیادہ استفادہ "شیخ محمد فواد عبدالباقی" کی تالیف لطیف "اَلْمُعْجَمُ الْمُفَهْرَسُ لِاَلْفَاظِ الْقُرْآنِ الْكَرِيْمِ" سے کیا گیا ـــــ اور اس لغت میں آنے والے افعال کو پیش نظر رکھتے ہوئے مستند عربی لغات کی مدد سے ان کے مصادر ذکر کردیے گئے۔

آخر میں قرآن کریم کے اساتذہ اور معلّمین کی خدمت میں گذارش ہے کہ وہ طلباء کرام کو قرآنی اسماء اور مصادر بالترتیب حفظ کروائیں اور طلباء کے کرام کو قرآنی صیغوں کی خوب مشق کرائیں۔

اور مساجد کے حضراتِ ائمہ و خطباء کی خدمت میں التماس ہے کہ عامۃ الناس میں قرآن کریم کا درس شروع کرنے سے پہلے اگر روزانہ دس کا عدد متعین کرتے ہوئے اسماء اور مصادر حاضرین کو روزانہ یاد کرنے کی تلقین کی جائے تو ان شاءاللہ چند مہینوں کی محنت سے قرآنی ترجمہ اور مفہوم کے ساتھ انسیت پیدا ہوجائے گی۔ اور "عربی زبان" سے واقفیت نہ ہونے کی وجہ سے معانی کے بھول جانے کی شکایت بھی دور ہوجائے گی۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اپنی بارگاہ میں اس حقیر کاوش کو شرفِ قبولیت سے نوازیں اور تمام مسلمانوں کو اس سے استفادہ کی خوب توفیق دیں، اور اس مجموعہ کو اس ناچیز، اس کے والدین، اعزہ و احباب، مشائخ و اساتذہ، اور جملہ معاونین کے لیے ذریعہ مغفرت کاملہ بنادیں۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ

احقر محمد نعیم عفا اللہ عنہ

دارالافتاء جامعہ اشرف المدارس، کراچی

۱۴ رشوال ۱۴۲۸ھ بمطابق ۲۵ راکتوبر ۲۰۰۷ء

besturdubooks.wordpress.com

باسمہٖ تعالیٰ شانہٗ

HAKIM MUHAMMAD AKHTAR

NAZIM
MAJLIS-E-ISHATUL HAQ

KHANQAH IMDADIA ASHRAFIA
ASHRAFUL MADARIS
GULSHAN-E-IQBAL-2, KARACHI
P.O.BOX NO. 11182
PHONES : 4981958

حکیم محمد اختر
ناظم: مجلس اشاعۃ الحق
خانقاہ امدادیہ اشرفیہ/اشرف المدارس
ایس ٹی۔۱۔ گلشن اقبال بلاک ۲، کراچی
پوسٹ بکس نمبر ۱۱۱۸۲
فون: ۴۹۸۱۹۵۸

تقریظ

عارف باللہ حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب دامت برکاتہم العالیہ

عزیز مکرم مفتی محمد نعیم صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ کی تالیف لغت القرآن قرآن پاک سمجھنے کے لیے ان شاء اللہ تعالیٰ بہت مفید ثابت ہوگی۔ دعا کرتا ہوں اللہ تعالیٰ مفتی صاحب کی کاوش کو قبول فرمائیں ان کے لیے صدقہ جاریہ بنائیں اور امت مسلمہ کے لئے نافع فرمائیں آمین

محمد اختر عفا اللہ تعالیٰ عنہ

۲۴ شوال المکرم ۱۴۲۸ھ

مطابق ۶ نومبر ۲۰۰۷ء

besturdubooks.wordpress.com

Jamia Islamia Imdadia
GULSHAN-E-IMDAD SATIANA ROAD FAISALABAD-PAKISTAN.

الجامعة الاسلامية الامدادية
گلشن امداد ستیانہ روڈ فیصل آباد، پاکستان۔

حوالہ نمبر ــــــــــــ تاریخ ــــــــــــ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تقریظ

استاذ العلماء حضرت مولانا مفتی محمد طیب دامت برکاتہم

قرآن کریم بندوں کے نام حق شانہ کا کلام و پیغام ہے اس کے حقوق میں سے **اس میں** تدبر اور اس کی آیات سے تزکر **بھی ہے۔**

تدبر فی القرآن کے لئے اکیلا اردو ترجمہ پڑھنا اور سننا کافی نہیں ہے **بلکہ عربی** زبان سے مناسبت بھی ضروری ہے۔

کم فرصت لوگوں کے لئے لغت قرآن سے فی الجملہ مناسبت کے لئے سہل **اور مختصر** نصاب کی ضرورت ہے اس **سلسلہ میں علماء** نے ہمیشہ کتابیں تصنیف کی ہیں۔

مفتی محمد نعیم صاحب زید مجدہم کی تالیف لطیف "لغت القرآن" اپنی **نوعیت میں منفرد،** مختصر، سہل اور کثیر النفع ہے۔

اگر درس قرآن اور ترجمہ کلاس کے ساتھ ہفتہ میں ایک دن بھی اس **کا سبق** ساتھ ساتھ چلتا رہے تو بسہولت عربی سے **معتد بہ** مناسبت پیدا ہوسکتی ہے۔

حق تعالیٰ اسے مسلمانوں کے لئے نافع اور مؤلف کے لئے صدقۂ جاریہ بنائیں۔ آمین

محمد طیب
خادم جامعہ اسلامیہ امدادیہ فیصل آباد
۲۷/۷/۱۴۲۸ھ

Ph:041-8717811 - 12 Fax:041-8727811 E-Mail:imdadia@fsd.paknet.com.pk
E-Mail:info@imdadia.edu.pk www.imdadia.edu.pk

besturdubooks.wordpress.com

کثیر الاستعمال قرآنی اسماء

ان قرآنی اسماء کا بیان جو قرآن کریم میں دس سے
زیادہ مرتبہ استعمال ہوئے ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

کثیر الاستعمال قرآنی اسماء

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
اَبٌ	باپ/ والد	117	مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَآ أَحَدٍ مِنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ. (الاحزاب: ۴۰) (لوگو!) تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نہیں لیکن آپ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں۔
اِبْن	بیٹا	143	وَآتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنَاتِ. (البقرہ: ۸۷) اور ہم نے (حضرت) عیسیٰ بن مریم کو روشن دلیلیں دیں۔
اِثْم	گناہ	48	فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ. (البقرہ: ۱۷۳) پھر جو مجبور ہو جائے اور وہ حد سے بڑھنے والا اور زیادتی کرنے والا نہ ہو، اس پر ان کے کھانے میں کوئی گناہ نہیں۔
اَجَل	مدت/ وقت	53	وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا. (منافقون: ۱۱) اور جب کسی کا مقررہ وقت آ جاتا ہے پھر اسے اللہ تعالیٰ ہرگز مہلت نہیں دیتا۔
اَحَدٌ	ایک/ یکتا	85	قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ. (اخلاص: ۱) آپ کہہ دیجئے کہ وہ اللہ تعالیٰ ایک ہی ہے۔
اَخ	بھائی	82	يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ. (عبس: ۳۴) اس دن آدمی اپنے بھائی سے بھاگے گا۔
اُخْت	بہن	14	وَقَالَتْ لِاُخْتِهٖ قُصِّيْهِ فَبَصُرَتْ بِهٖ عَنْ جُنُبٍ. (القصص: ۱۱) موسیٰ (علیہ السلام) کی والدہ نے اس کی بہن سے کہا کہ تو اس کے پیچھے پیچھے جا، تو وہ اسے دور ہی دور سے دیکھتی رہی۔
اُذُنٌ (جمع: آذان)	کان	18	وَلَهُمْ آذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا. (الاعراف: ۱۷۹) اور جن کے کان ایسے ہیں جن سے نہیں سنتے۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
اَرْض	زمین	461	اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا. (زلزال: ١) جب زمین پوری طرح جھنجھوڑ دی جائے گی۔
اِلٰهٌ	معبود	147	اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ. (البقره: ٢٥٥) اللہ تعالیٰ ہی معبود برحق ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں جو زندہ اور سب کا تھامنے والا ہے۔
اُمٌّ	ماں/ اصل/ بنیاد	35	وَاَوْحَیْنَاۤ اِلٰۤی اُمِّ مُوْسٰی. (القصص: ٧) ہم نے موسیٰ علیہ السلام کی ماں کو وحی کی۔
اُمَّةٌ	اُمت/ جماعت	64	وَ اِنَّ هٰذِهٖۤ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً. (مؤمنون: ٥٢) یقیناً تمہارا دین ایک ہی دین ہے۔
اُنْثٰی	عورت/مؤنث	30	وَلَیْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰی. (آل عمران: ٣٦) اور لڑکا لڑکی جیسا نہیں۔
اَهْلٌ	باشندے	127	وَجَآءَ اَهْلُ الْمَدِیْنَةِ یَسْتَبْشِرُوْنَ. (الحجر: ٦٧) اور شہر والے خوشیاں مناتے ہوئے آئے۔
آلٌ	قوم	26	فَلَمَّا جَآءَ اٰلَ لُوْطِ اِۨلْمُرْسَلُوْنَ. (الحجر: ٦١) اور جب بھیجے ہوئے فرشتے آلِ لوط کے پاس پہنچے۔
آیَةٌ	نشانی	382	اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّلْمُؤْمِنِیْنَ. (العنکبوت: ٤٤) یقیناً اس میں مؤمنین کے لئے نشانی ہے۔
بَحْرٌ	سمندر	41	وَالْفُلْكِ الَّتِیْ تَجْرِیْ فِی الْبَحْرِ بِمَا یَنْفَعُ النَّاسَ. (البقره: ١٦٤) کشتیوں کا لوگوں کو نفع دینے والی چیزوں کو لئے ہوئے سمندروں میں چلنا۔
بَرٌّ	خشکی/ زمین	12	وَحُرِّمَ عَلَیْكُمْ صَیْدُ الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُمًا. (المائده: ٩٦) اور خشکی کا شکار پکڑنا تمہارے لئے حرام کیا گیا ہے جب تک تم حالت احرام میں رہو۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
بَشَرٌ	بشر/انسان	37	قَالُوٓا أَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُولًا. (الاسراء:۹۴) انہوں نے کہا کیا اللہ نے ایک انسان کو ہی رسول بنا کر بھیجا؟
بَغْتَةٌ	اچانک	13	فَهَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا السَّاعَةَ أَن تَأْتِيَهُم بَغْتَةً (محمد:۱۸) تو کیا یہ قیامت کا انتظار کرتے رہے ہیں کہ وہ ان کے پاس اچانک آ جائے۔
بَلَدٌ	شہر	19	لَآ أُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ (البلد:۱) میں اس شہر کی قسم کھاتا ہوں۔
بِنْتٌ	بیٹی	19	وَمَرْيَمَ بْنَتَ عِمْرَانَ الَّتِيٓ أَحْصَنَتْ فَرْجَهَا. (التحریم:۱۲) اور (مثال بیان فرمائی) مریم بنت عمران کی جس نے اپنے ناموس کی حفاظت کی۔
بَابٌ	دروازہ	27	وَقَالَ يَا بَنِيَّ لَا تَدْخُلُوا مِنْ بَابٍ وَاحِدٍ. (یوسف:٦٧) اور (یعقوب علیہ السلام) نے کہا اے میرے بچو! تم سب ایک دروازے سے جانا۔
بَيْتٌ	گھر/مکان	65	جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيَامًا لِّلنَّاسِ. (المائدہ:۹۷) اللہ نے کعبہ کو جو کہ ادب کا مکان ہے لوگوں کے قائم رہنے کا سبب قرار دے دیا۔
بَيْنَ	درمیان	266	رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ. (الاعراف:۸۹) اے ہمارے پروردگار! ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان حق کے موافق فیصلہ کر دے۔
تَحْتَ	نیچے	51	لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِينَ إِذْ يُبَايِعُونَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ. (الفتح:۸) یقیناً اللہ تعالیٰ مومنوں سے خوش ہو گیا جبکہ وہ درخت تلے تجھ سے بیعت کر رہے تھے۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنیٰ	تعداد	قرآنی مثال
تُرَابٌ	مٹی	17	أَكَفَرْتَ بِالَّذِيْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ. (الکهف: ٣٧) کیا تو اس (معبود) سے کفر کرتا ہے جس نے تجھے مٹی سے پیدا کیا۔
ثَمَنٌ	قیمت	11	وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَة. (یوسف: ٢٠) اور انہوں نے اسے بہت ہی ہلکی قیمت پر گنتی کے چند درہموں پر بیچ ڈالا۔
ثَمَرٌ	پھل/میوہ	22	وَكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ (الکهف: ٣٤) اس کے پاس میوے تھے۔
جَبَلٌ	پہاڑ	39	لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ. (الحشر: ٢١) اگر ہم اس قرآن کو کسی پہاڑ پر اتارتے۔
جَحِيْمٌ	دوزخ	26	وَلَا تُسْئَلُ عَنْ اَصْحَابِ الْجَحِيْمِ. (البقرة: ١١٩) اور جہنمیوں کے بارے میں آپ سے پرسش نہ ہوگی۔
جَانِبٌ	پہلو/طرف/جانب	19	وَنَادَيْنَاهُ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ الْاَيْمَنِ. (مریم: ٥٢) ہم نے اسے طور کی دائیں جانب سے ندا کی۔
جُنَاحٌ	حرج (مضائقہ)	25	لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ كَانَ بِكُمْ أَذًى. (نساء: ١٠٢) ہاں اپنا ہتھیار اتار رکھنے میں اس وقت تم پر کوئی گناہ نہیں جب کہ تمہیں تکلیف ہو۔
جُنْدٌ	لشکر	31	وَإِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغَالِبُوْنَ. (الصّٰفّٰت: ١٧٣) اور ہمارا ہی لشکر غالب (اور برتر) رہے گا۔
حِجَارَةٌ	پتھر	12	فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ. (البقرة: ٢٤) اس آگ سے بچو جس کا ایندھن انسان اور پتھر ہیں۔
حَرْثٌ	کھیتی	14	نِسَاءُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ. (بقرة: ٢٢٣) تمہاری بیویاں تمہارے لئے کھیتیاں ہیں۔
حَرَجٌ	حرج/تنگی	15	لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ. (النور: ٦١) اندھے پر کوئی حرج نہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
حِزْبٌ	جماعت/ پارٹی	20	اَلَآ إِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ. (المجادلة: ۲۲) آگاہ رہو بے شک اللہ کے گروہ والے ہی کامیاب لوگ ہیں۔
حِكْمَةٌ	دانائی/ حکمت	20	اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ. (نحل: ۱۲۵) اپنے رب کی راہ کی طرف لوگوں کو حکمت اور بہترین نصیحت کے ساتھ بلائیے۔
حَمِيْمٌ	کھولتا ہوا تیز گرم پانی	20	لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ. (انعام: ۷۰) ان کے لئے نہایت تیز گرم پانی پینے کے لئے ہوگا اور دردناک سزا ہوگی اپنے کفر کے سبب۔
حَنِيْفٌ	سیدھا/ خالص	12	قُلْ بَلْ مِلَّةَ اِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفًا. (البقرة: ۱۳۵) تم کہو بلکہ صحیح راہ پر ملت ابراہیمی والے ہیں، اور ابراہیم خالص اللہ کے پرستار تھے۔
حَوْلٌ	جگہ/ اردگرد	17	فَلَمَّآ اَضَاءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ (البقرة: ۱۷) پس جس وقت اس نے روشن کیا اس کے اردگرد کو تو اللہ تعالیٰ نے ان کے نور کو ختم کردیا۔
حِيْنَ	وقت/ مدت	35	فَسُبْحَانَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ. (الروم: ۱۷) پس اللہ تعالیٰ کی تسبیح پڑھا کرو جب کہ تم شام کرو اور جب صبح کرو۔
دَآبَّةٌ	جاندار/ چوپائے	18	وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ مِّنْ مَّاءٍ. (النور: ۴۵) تمام کے تمام چلنے پھرنے والے جانداروں کو اللہ تعالیٰ ہی نے پانی سے پیدا کیا ہے۔
دَرَجَاتٌ	درجہ/ فضیلت	18	نَرْفَعُ دَرَجَاتٍ مَّنْ نَّشَاءُ. (انعام: ۸۳) ہم جس کو چاہتے ہیں مرتبوں میں بڑھا دیتے ہیں۔
دَمٌ	خون	10	حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ. (مائدة: ۳) تم پر حرام کیا گیا ہے مردار اور خون اور خنزیر کا گوشت۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
دَارٌ	دار/گھر	48	وَاللّٰهُ يَدْعُوْا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ. (یونس: ۲۵) اوراللہ تعالیٰ سلامتی کے گھر کی طرف تم کو بلاتا ہے۔
دُوْنَ	سوا/علاوہ	144	وَمَالَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ. (بقرۃ: ۱۰۷) اوراللہ تعالیٰ کے سوا تمہارا کوئی ولی اور مددگار نہیں۔
ذُرِّيَّةٌ	اولاد/نسل	32	ذُرِّيَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ. (اسرائیل: ۳) اے ان لوگوں کی اولاد! جنہیں ہم نے نوح کے ساتھ سوار کردیا تھا۔
ذِلَّةٌ	رسوائی/ذلت	13	ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ. (البقرۃ: ٦١) ان پر ذلت اور مسکینی ڈال دی گئی۔
ذَنْبٌ	گناہ	39	وَ إِذَا الْمَوْؤدَةُ سُئِلَتْ بِاَيِّ ذَنْبٍ قُتِلَتْ. (التکویر: ۸ - ۹) اور جب زندہ گاڑی ہوئی لڑکی سے سوال کیا جائے گا۔ کہ کس گناہ کی وجہ سے وہ قتل کی گئی۔
رَأْسٌ	سر	18	قَالَ يَا ابْنَ أُمَّ لَا تَاْخُذْ بِلِحْيَتِيْ وَلَا بِرَأْسِيْ. (طٰہٰ: ۹٤) ہارون (علیہ السلام) نے کہا اے میرے ماں جائے بھائی! میری داڑھی نہ پکڑ، اور کے بال نہ کھینچ۔
رَبٌّ	پالنے والا	977	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ. (الفاتحۃ: ۱) سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔
رِجْزٌ	عذاب/گندگی	10	لَئِنْ كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ. (اعراف: ۱۳٤) اگر آپ اس عذاب کو ہم سے ہٹا دیں تو ہم ضرور ضرور آپ کے کہنے سے ایمان لے آئیں گے۔
رِجْسٌ	گندگی، پلیدی/براعمل	10	فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمْ اِنَّهُمْ رِجْسٌ (توبۃ: ۹۵) سو تم ان کو ان کی حالت پر چھوڑ دو وہ لوگ بالکل گندے ہیں۔
رَجُلٌ	مرد/آدمی	57	مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ. (احزاب: ٤) کسی آدمی کے سینے میں اللہ تعالیٰ نے دو دل نہیں رکھے۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
رِجْلٌ	پاؤں/پیر	16	أُرْكُضْ بِرِجْلِكَ هٰذَا مُغْتَسَلٌ بَارِدٌ وَّشَرَابٌ. (ص:٤٢) اپنا پاؤں مارو، یہ نہانے کا ٹھنڈا اور پینے کا پانی ہے۔
اَرْحَامٌ رِحْم کی جمع	بچہ دانی/قرابت/رشتہ داری	12	هُوَ الَّذِیْ يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَاءُ. (آل عمران:٦) وہ ماں کے پیٹ میں تمہاری صورتیں جس طرح چاہتا ہے بناتا ہے۔
رُوْحٌ	جان/امرالٰہی/جبرائیل/وحی	21	وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ (اسراء:٨٥) اور یہ لوگ آپ سے روح کی بابت سوال کرتے ہیں۔
رِيْحٌ	ہوا/رحمت/مدد	29	وَلِسُلَيْمَانَ الرِّيْحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ. (سباء:١٢) اور ہم نے سلیمان کے لئے ہوا کو مسخر کر دیا کہ صبح کی منزل اس کی مہینہ بھر کی ہوتی تھی اور شام کی منزل بھی۔
سَبِيْلٌ	واضح راستہ/راہ	176	وَمَالَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ. (نساء:٧٥) بھلا کیا وجہ ہے کہ تم اللہ کی راہ میں جہاد نہ کرو۔
سَعِيْرٌ	بھڑکتی آگ/جہنم	16	أَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطٰنُ يَدْعُوْهُمْ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ. (لقمان:٢١) اگرچہ شیطان ان کے بڑوں کو دوزخ کے عذاب کی طرف بلاتا ہو۔
مِسْكِيْنٌ	مسکین/غریب	23	وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ. (مدثر:٤٤) نہ مسکینوں کو کھانا کھلاتے تھے۔
سُلْطَانٌ	دلیل/حجت/زور	37	إِنَّ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْ آيَاتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطَانٍ أَتَاهُمْ. (غافر:٥٦) جو لوگ باوجود اپنے کسی سند کے نہ ہونے کے آیات الٰہی میں جھگڑا کرتے ہیں۔
سَمَاءٌ	آسمان	310	وَالسَّمَاءِ وَالطَّارِقِ. (طارق:١) قسم ہے آسمان کی اور اندھیرے میں روشن ہونے والے کی۔
سَنَةٌ	سال	19	يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍ. (البقرہ:٩٦) ان میں سے تو ہر شخص ایک ہزار سال کی عمر چاہتا ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
سُوْرَةٌ	سورت/ٹکڑا	10	سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا. (النور: ۱) یہ ہے وہ سورت جو ہم نے نازل فرمائی اور مقرر کردی۔
سَاعَةٌ	قیامت/ ایک گھڑی	48	يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰهَا. (نازعات: ۴۲) لوگ آپ سے قیامت کے واقع ہونے کا وقت دریافت کرتے ہیں۔
شَجَرٌ	درخت	26	اِنَّ شَجَرَةَ الزَّقُّوْمِ طَعَامُ الْاَثِيْمِ. (الدخان: ۴۳) بے شک زقوم (تھوہر) کا درخت گناہ گار کا کھانا ہے۔
شَرٌّ	شر/ برا/ برائی	30	وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ. (الفلق: ۵) اور حسد کرنے والے کی برائی سے بھی جب وہ حسد کرے۔
شَكٌّ	شک وشبہ	15	بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ يَّلْعَبُوْنَ. (الدخان: ۹) بلکہ وہ شک میں پڑے کھیل رہے ہیں۔
الشَّمْسُ	سورج	33	وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا. (الشمس: ۱) قسم ہے سورج کی اور اس کی دھوپ کی۔
شَهْرٌ	مہینہ	21	فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ. (البقرة: ۱۸۵) تم میں سے جو شخص اس مہینہ کو پائے اسے روزہ رکھنا چاہیے۔
شَيْءٌ	چیز	283	اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ. (البقرة: ۲۰) یقیناً اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔
شِيْعَةٌ	گروہ/ ہم مذہب	11	وَ اِنَّ مِنْ شِيْعَتِهٖ لَاِبْرٰهِيْمَ. (الصافات: ۸۳) اور اس (نوح علیہ السلام) کی تابعداری کرنے والوں میں سے (ہی) ابراہیم (علیہ السلام بھی) تھے۔
صَدْرٌ	سینہ	43	اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ. (الم نشرح: ۱) کیا ہم نے تیرا سینہ نہیں کھول دیا۔
صِرَاطٌ	راہ/ راستہ	44	اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ. (الفاتحة: ٦) ہمیں سیدھی (اور سچی) راہ دکھا۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
صُوْرٌ	صور (سینگ کے مشابہ وہ چیز جس میں حضرت اسرافیل علیہ السلام پھونکیں گے)	10	وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ ذٰلِكَ يَوْمُ الْوَعِيْدِ. (ق:٢٠) اور صور پھونک دیا جائے گا، وعدۂ عذاب کا دن یہی ہے۔
صَيْحَةٌ	چیخ	13	وَاَخَذَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ. (هود:٦٧) ظالموں کو چیخ نے آ پکڑا۔
طُوْرٌ	کوہِ طور/ پہاڑی کا نام	10	وَالطُّوْرِ وَكِتَابٍ مَّسْطُوْرٍ. (الطور:١) قسم ہے طور کی اور لکھی ہوئی کتاب کی۔
طَائِفَةٌ	جماعت	24	وَقَالَتْ طَّائِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتَابِ. (آل عمران:٧٢) اور اہل کتاب کی ایک جماعت نے کہا۔
طَيِّبٌ	پاکیزہ/ اچھا	46	لَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيْثَ بِالطَّيِّبِ. (نساء:٢) پاک اور حلال چیز کے بدلے ناپاک اور حرام چیز نہ لو۔
طِيْنٌ	مٹی/ گارا	12	اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ. (الصافات:١١) ہم نے انسانوں کو لیس دار مٹی سے پیدا کیا۔
ظِلٌّ	سایہ/ آرام و آسودگی	22	وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُوْرُ. (فاطر:٢١) اور نہ چھاؤں اور دھوپ (برابر ہیں)۔
عَبْدٌ	بندہ/ غلام	131	وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ وَّلَوْ اَعْجَبَتْكُمْ. (البقرة:٢٢١) ایمان دار غلام آزاد مشرک سے بہتر ہے، گو مشرک تمہیں اچھا لگے۔
عَدْنٌ	بہشت کا نام	11	وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ. (الصف:١٢) اور صاف ستھرے گھروں میں جو جنت عدن میں ہوں گے (پہنچا دے گا)۔
اَعْرَابٌ	عرب دیہات کے باشندے	10	اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا. (التوبة:٩٧) دیہاتی لوگ کفر و نفاق میں بہت ہی سخت ہیں۔
عَرْشٌ	تختِ شاہی	26	وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمٰنِيَةٌ. (الحاقة:١٧) اور تیرے پروردگار کا عرش اس دن آٹھ (فرشتے) اپنے اوپر اٹھائے ہوئے ہوں گے۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی مثال	تعداد	معنی	قرآنی الفاظ
وَجَآؤُو أَبَاهُمْ عِشَاءً يَّبْكُوْنَ. (اليوسف: ١٦) اور عشاء کے وقت (وہ سب) اپنے باپ کے پاس روتے ہوئے پہنچے۔	13	عشاء/رات کی ابتدائی تاریکی	عِشَاءٌ
فَأَلْقَى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ. (اعراف: ١٠٧) پس آپ نے اپنا عصا ڈال دیا، سو دفعتاً وہ صاف ایک اژدھا بن گیا۔	12	لاٹھی	عَصَا
فَكَسَوْنَا الْعِظَامَ لَحْمًا ثُمَّ أَنْشَأْنَاهُ خَلْقًا آخَرَ. (مؤمنون: ١٤) پھر ہڈیوں کو ہم نے گوشت پہنا دیا، پھر دوسری بناوٹ میں اس کو پیدا کر دیا۔	13	ہڈیاں	عِظَامٌ
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ (الفاتحة: ١) سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔	73	سارے جہان	عَالَمِيْنَ
وَعِنَبًا وَّقَضْبًا. (عبس: ٢٨) اور انگور اور ترکاری (اگائی)۔	11	انگور	عِنَبٌ
فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ. (الغاشية: ١٢) جہاں (جنت میں) بہتا ہوا چشمہ ہوگا۔	61	آنکھ/چشمہ	عَيْنٌ
إِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامٍ حَلِيْمٍ. (الحجر: ٥٣) ہم تجھے ایک صاحب علم فرزند کی بشارت دیتے ہیں۔	11	لڑکا	غُلَامٌ
اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ أُولٰئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا. (الاسراء: ٣٦) کیونکہ کان اور آنکھ اور دل ان میں سے ہر ایک سے پوچھ گچھ کی جانے والی ہے۔	16	دل/عقل	فُؤَادٌ
فَمَا كَانَ لَهُ مِنْ فِئَةٍ يَّنْصُرُوْنَهُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ. (القصص: ٨١) اور اللہ کے سوا کوئی جماعت اس کی مدد کے لئے تیار نہ ہوئی۔	11	جماعت/گروہ	فِئَةٌ
اَلشَّيْطَانُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَأْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَاءِ. (البقرة: ٢٦٨) شیطان تمہیں فقیری سے دھمکاتا ہے اور بے حیائی کا حکم دیتا ہے۔	24	زنا/سخت قبیح گناہ	فَحْشَاءُ

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
فُلْكٌ	کشتی	23	وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِأَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا. (ھود: ۳۷) اور ایک کشتی ہماری آنکھوں کے سامنے اور ہماری وحی سے تیار کر۔
فَاهٌ (فَمٌ) جمع: اَفْوَاهٌ	منہ	13	قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَاءُ مِنْ أَفْوَاهِهِمْ. (آل عمران: ۱۱۸) ان کی عداوت تو خود ان کی زبان سے بھی ظاہر ہو چکی ہے۔
قَبْلُ	پہلے	232	وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْا. (البقرۃ: ۸۹) حالانکہ پہلے یہ خود (اس کے ذریعہ) کافروں پر فتح چاہتے تھے۔
قَرْيَةٌ	بستی/گاؤں	56	وَكَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً. (انبیاء: ۱۱) اور بہت سی بستیاں ہم نے تباہ کر دیں جو ظالم تھیں۔
قَلْبٌ	دل	132	مَنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِيْبٍ. (ق: ۳۳) جو رحمن کا غائبانہ خوف رکھتا ہو اور توجہ والا دل لایا ہو۔
قَمَرٌ	چاند	27	اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ. (الرحمن: ۵) آفتاب اور ماہتاب (مقررہ) حساب سے ہیں۔
لُبَابٌ جمع: اَلْاَلْبَاب	خالص عقل	16	هُدًى وَّذِكْرٰى لِأُولِي الْأَلْبَابِ. (غافر: ۵٤) کہ وہ ہدایت و نصیحت تھی عقل مندوں کے لئے۔
لَحْمٌ	گوشت	12	وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ. (واقعۃ: ۲۱) اور پرندوں کے گوشت جو انہیں مرغوب ہوں۔
لِسَانٌ	زبان	25	وَهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِيْنٌ. (نحل: ۱۰۳) یہ قرآن تو صاف عربی زبان میں ہے۔
لَيْلٌ	رات	92	ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ. (البقرۃ: ۱۸۷) پھر رات تک روزے کو پورا کرو۔
مَثَلٌ مِثْلٌ	مثال مانند	181	مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ نَارًا. (البقرۃ: ۱۷) اس کی مثال اس شخص کی سی ہے جس نے آگ جلائی۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
مَدِيْنَةٌ	شہر	17	وَجَآءَ رَجُلٌ مِنْ أَقْصَا الْمَدِيْنَةِ يَسْعٰى. (القصص:۲۰) شہر کے پرلے کنارے سے ایک شخص دوڑتا ہوا آیا۔
مَرْءٌ	آدمی/مرد	11	يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ أَخِيْهِ. (عبس:۳۴) اس دن آدمی اپنے بھائی سے بھاگے گا۔
اِمْرَاءَةٌ	عورت	26	وَامْرَأَةً مُؤْمِنَةً إِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ. (احزاب:۵۰) اور وہ باایمان عورت جو اپنا نفس نبی کو ہبہ کر دے۔
مَاءٌ	پانی	63	وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاءِ كُلَّ شَيْءٍ. (انبیاء:۳۰) اور ہر زندہ چیز کو ہم نے پانی سے پیدا کیا۔
نَجْمٌ	ستارہ	13	وَالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدَانِ. (الرحمٰن:۶) اور ستارے اور درخت دونوں سجدہ کرتے ہیں۔
نَخْلٌ	کھجور کا درخت	20	وَمِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ. (انعام:۹۹) اور کھجور کے درختوں سے یعنی ان کے گچھے میں سے خوشے ہیں جو نیچے کو لٹکے جاتے ہیں۔
نِسَاءٌ	عورتیں	57	يَا نِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَأَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ. (احزاب:۳۲) اے نبی کی بیویو! تم عام عورتوں کی طرح نہیں ہو۔
نَصِيْبٌ	حصہ	22	لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوْا. (النساء:۳۲) مردوں کو اس میں حصہ ہے جو انہوں نے کمایا۔
نُطْفَةٌ	قطرہ/منی	12	مِنْ نُطْفَةٍ خَلَقَهُ فَقَدَّرَهُ. (عبس:۱۹) (اسے) ایک نطفہ سے پھر اندازہ پر رکھا اس کو۔
نَفْسٌ	جان/جاندار	294	لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا. (البقرۃ:۲۳۳) ہر شخص اتنی ہی تکلیف دیا جاتا ہے جتنی اس کی طاقت ہو۔
نَهَرٌ	نہر، ندی، دریا	53	إِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ. (القمر:۵۴) یقیناً ہمارا ڈر رکھنے والے جنتوں اور نہروں میں ہوں گے۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
نَهَارٌ	دن / صبح صادق تا غروب آفتاب	57	تُوْلِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ. (آل عمران: ۲۷) تو ہی رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں لے جاتا ہے۔
نَارٌ	آگ / دوزخ	145	وَأُوْلٰئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ. (آل عمران: ۱۱۶) یہ تو جہنمی ہیں جو ہمیشہ اسی میں پڑے رہیں گے۔
نَاسٌ	لوگ	241	اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ (البقرة: ۲۴۳) بے شک اللہ تعالیٰ لوگوں پر بڑا فضل والا ہے۔
وَادٍ	وادی	10	رَبَّنَا اِنِّيْ أَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ (ابراهيم ۳۷) اے ہمارے پروردگار! میں نے اپنی کچھ اولاد اس بے کھیتی کی وادی میں ۔
يَتِيْمٌ	یتیم / نابالغ بچہ جس کا والد فوت ہو جائے	22	فَأَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ. (الضحى: ۹) پس یتیم پر تو بھی سختی نہ کیا کر۔
يَدٌ	ہاتھ / قدرت	119	قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ. (آل عمران: ۷۳) آپ کہہ دیجئے کہ فضل تو اللہ تعالیٰ ہی کے ہاتھ میں ہے وہ جسے چاہے اسے دے۔
يَمِيْنٌ	داہنا ہاتھ / داہنی جانب / قسم	71	وَاَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ مَا اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ. (واقعة: ۲۷) اور اپنے داہنے ہاتھ والے کیا ہی اچھے ہیں داہنے ہاتھ والے۔
يَوْمٌ	دن	475	مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ. (الفاتحة: ۳) بدلے کے دن (یعنی قیامت) کا مالک ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

قلیل الاستعمال قرآنی اسماء

ان قرآنی اسماء کا بیان جو قرآن کریم میں
دس سے کم مرتبہ استعمال ہوئے ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

قلیل الاستعمال قرآنی اسماء

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
أَبٌّ	چارہ	1	وَّفَاكِهَةً وَّأَبًّا. (عبس: ۳۱) اور میوہ اور (گھاس) چارہ (بھی اگایا)۔
إِبِلَ	اونٹ	2	وَمِنَ الْإِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ. (الانعام: ۱۴۴) اور اونٹ میں دو قسم اور گائے میں دو قسم۔
أَبَابِيلُ	غول کے غول	1	وَّأَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا أَبَابِيلَ. (الفیل: ۳) اور ان پر پرندوں کے جھنڈ کے جھنڈ بھیج دیئے۔
أَثَاثٌ	اسباب، سامان خانہ	2	وَمِنْ أَصْوَافِهَا وَأَوْبَارِهَا وَأَشْعَارِهَا أَثَاثًا وَّمَتَاعًا. (النحل: ۸۰) اور ان کی اون اور رووَں اور بالوں سے بھی اس نے بہت سے سامان اور ایک وقت مقررہ تک کے لئے فائدہ کی چیزیں بنائیں۔
أَثْلٌ	جھاؤ کا درخت	1	وَبَدَّلْنٰهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ أُكُلٍ خَمْطٍ وَّأَثْلٍ. (السبا: ۱۶) اور ہم نے ان کے (ہرے بھرے) باغوں کے بدلے دو (ایسے) باغ دیئے جو بدمزہ میووں والے اور جھاؤ کے تھے
أُجَاجٌ	کڑوا	3	هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَّهٰذَا مِلْحٌ أُجَاجٌ. (الفرقان: ۵۳) یہ ہے میٹھا اور مزیدار اور یہ ہے کھاری کڑوا۔
إِدٌّ	بھاری، مصیبت	1	لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْئًا إِدًّا. (مریم: ۸۹) یقیناً تم بہت بری اور بھاری چیز لائے ہو۔
أَرَائِك واحد: أَرِيكَة	آراستہ و مزین تخت	5	مُتَّكِئِينَ فِيهَا عَلَى الْأَرَائِكِ. (الکہف: ۳۱) وہاں تختوں کے اوپر تکیے لگائے ہوئے ہوں گے۔
إِرَمُ	آدمی کا نام	1	أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ إِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ. (الفجر: ۷) کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ آپ کے رب نے عاد کے ساتھ کیا کیا یعنی ارم کے ساتھ جو ستونوں والے تھے۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
اُسْوَةٌ	اقتداء، نمونہ	3	لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ. (الاحزاب: ۲۱) یقیناً تمہارے لئے رسول اللہ میں عمدہ نمونہ (موجود) ہے۔
إِصْرٌ	بوجھ، گناہ	3	رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا اِصْرًا. (البقرة: ۲۸٦) اے ہمارے رب! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال۔
أَصْلٌ	جڑ	3	اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِيْ اَصْلِ الْجَحِيْمِ. (الصّٰفّٰت: ٦٤) بے شک وہ درخت جہنم کی جڑ سے نکلتا ہے۔
آصَالٌ	شام	3	يُسَبِّحُ لَهٗ فِيْهَا بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ. (النور: ٣٦) وہاں صبح وشام اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرتے ہیں۔
اُفٍّ	اف (ناگواری کے اظہار کا کلمہ)	3	فَلَا تَقُلْ لَّهُمَا اُفٍّ. (الاسراء: ٢٣) تو ان کے آگے اف تک نہ کہنا۔
اُفُقٌ	کنارہ، کنارہ آسمان	3	وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى. (النجم: ٧) اور وہ بلند آسمان کے کناروں پر تھا۔
أَمْتٌ	اونچ نیچ	1	لَا تَرٰى فِيْهَا عِوَجًا وَّلَا اَمْتًا. (طٰه: ١٠٧) جس میں نہ تو کہیں موڑ توڑ دیکھے گا نہ اونچ نیچ
أَمَدٌ	مدت، غایت	3	فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْاَمَدُ. (الحديد: ١٦) پھر جب ان پر ایک زمانہ دراز گزر گیا۔
إِمْرٌ	بھاری، عجیب، خلاف عقل	1	لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا اِمْرًا. (الكهف: ٧١) یہ تو آپ نے بڑی خطرناک بات کردی۔
أَمْسِ	کل گذشتہ	4	فَجَعَلْنٰهَا حَصِيْدًا كَاَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْاَمْسِ. (يونس: ٢٤) اس پر ہماری طرف سے کوئی حکم (عذاب) آپڑا سو ہم نے اس کو ایسا صاف کردیا کہ گویا کل وہ موجود ہی نہ تھی۔
أَمَلٌ	امید	2	ذَرْهُمْ يَأْكُلُوْا وَيَتَمَتَّعُوْا وَيُلْهِهِمُ الْاَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ. (الحجر: ٣) آپ انہیں کھاتا، نفع اٹھاتا اور (جھوٹی) امیدوں میں مشغول ہوتا چھوڑ دیجئے۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
اَمَةٌ	باندی،لونڈی	2	وَلَاَمَةٌ مُؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِنْ مُشْرِكَةٍ. (البقرة: ۲۲۱) اور یقیناً مؤمن عورت مشرک عورت سے بہتر ہے۔
اَنْفٌ	ناک	2	أَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالْأَنْفَ بِالْأَنْفِ. (المائدة: ٤٥) جان کے بدلے جان، اور آنکھ کے بدلے آنکھ، اور ناک کے بدلے ناک۔
آنِفًا	ابھی	1	قَالُوا لِلَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ آنِفًا (محمد: ١٦) اہل علم سے (بوجہ کند ذہنی ولاپرواہی کے) پوچھتے ہیں کہ اس نے ابھی کیا کہا تھا؟
اَنَامٌ	مخلوق	1	وَالْأَرْضَ وَضَعَهَا لِلْأَنَامِ (الرحمن: ١٠) اور اسی نے مخلوق کے لئے زمین بچھادی۔
اٰنٍ	کھولتا ہوا	1	يَطُوفُونَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيمٍ اٰنٍ (الرحمن: ٤٤) اس کے اور کھولتے ہوئے گرم پانی کے درمیان چکر کھائیں گے۔
آنِيَةٌ	برتن	2	وَيُطَافُ عَلَيْهِمْ بِآنِيَةٍ مِنْ فِضَّةٍ. (الدهر: ١٥) اور ان پر چاندی کے برتنوں اور ان جاموں کا دور کرایا جائے گا۔
آنَاءَ	وقت	3	يَتْلُونَ آيَاتِ اللّٰهِ آنَاءَ اللَّيْلِ وَهُمْ يَسْجُدُونَ. (ال عمران: ١١٣) جو رات کے وقت بھی کلام اللہ کی تلاوت کرتے ہیں اور سجدے بھی کرتے ہیں۔
اَيْكَةٌ	گنجان درخت	4	وَإِنْ كَانَ أَصْحَابُ الْأَيْكَةِ لَظَالِمِينَ. (الحجر: ٧٨) ایکہ بستی کے رہنے والے بھی بڑے ظالم تھے۔
اَيَامٰى	بیوہ ہونا	1	وَأَنْكِحُوا الْأَيَامٰى مِنْكُمْ. (النور: ٣٢) تم میں سے جو مرد وعورت بے نکاح کے ہوں ان کا نکاح کردو۔
اَلْآنَ	اب	8	أَلْآنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ. (البقرة: ٧١) اب آپ نے حق واضح کردیا۔
بِئْرٌ	کنواں	1	فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلَى عُرُوشِهَا وَبِئْرٍ مُعَطَّلَةٍ. (الحج: ٤٥) پس وہ اپنی چھتوں کے بل اوندھی ہوئی پڑی ہیں۔ اور بہت سے آباد کنوئیں بے کار پڑے ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
اَبْتَرُ	کٹا ہوا، دم کٹا	1	إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ (الکوثر: ۳) یقیناً تیرا دشمن ہی لاوارث اور بے نام ونشان ہے۔
بِدْعٌ	انوکھا، نیا	1	قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِنَ الرُّسُلِ. (الاحقاف: ۹) آپ کہہ دیجئے کہ میں کوئی بالکل انوکھا پیغمبر تو نہیں۔
بَدَنٌ	جسم/ لاش	1	فَالْيَوْمَ نُنَجِّيْكَ بِبَدَنِكَ (یونس: ۹۲) سو آج ہم صرف تیری لاش کو نجات دیں گے۔
بَرِيَّةٌ	مخلوق	2	أُولٰئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ (البینۃ: ٦) یہی وہ لوگ ہیں جو مخلوق میں سے بدترین ہیں۔
بُرُوْجٌ	قلعہ، ستون، محل	4	وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ (البروج: ۱) اور قسم ہے آسمان کی جو برجوں والا ہے۔
بَرْزَخٌ	پردہ، مرنے کے وقت سے دوبارہ قیامت تک اٹھنے تک کا زمانہ	3	وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ إِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ. (المؤمنون: ۱۰۰) ان کے پس پشت تو ایک حجاب ہے، ان کے دوبارہ جی اٹھنے کے دن تک۔
بُرْهَانٌ	دلیل/ سند	8	يٰاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ. (النساء: ۱۷۵) اے لوگو! تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے سند اور دلیل آ پہنچی۔
بَصَلٌ	پیاز	1	وَفُوْمِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا (البقرۃ: ٦١) اور گیہوں، مسور اور پیاز دے۔
بِضَاعَةٌ	سرمایہ، پونجی	5	قَالَ يٰبُشْرٰى هٰذَا غُلَامٌ وَاَسَرُّوْهُ بِضَاعَةً (یوسف: ۱٦) کہنے لگا کہ واہ واہ خوشی کی بات ہے یہ تو ایک لڑکا ہے انہوں نے اسے مال تجارت قرار دے کر چھپا دیا۔
بِطَانَةٌ	بھید، راز، استر	2	يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ. (ال عمران: ۱۱۸) اے ایمان والو! تم اپنا دلی دوست ایمان والوں کے سوا کسی اور کو نہ بناؤ۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
بُقْعَةٌ	زمین کا ٹکڑا	1	فَلَمَّآ أَتٰىهَا نُوْدِيَ مِنْ شَاطِئِ الْوَادِ الْأَيْمَنِ فِي الْبُقْعَةِ. (القصص:۳۰) پس جب وہاں پہنچے تو اس بابرکت زمین کے میدان کے دائیں کنارے کے درخت میں سے آواز دیے گئے۔
بَقْلٌ	سبزی، ترکاری	1	فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْبِتُ الْأَرْضُ مِنْ بَقْلِهَا. (البقرة:۶۱) اس لئے اپنے رب سے دعا کیجئے کہ وہ ہمیں زمین کی پیداوار ساگ دے۔
بِكْرٌ	کنواری	3	قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ. (البقرة:۶۸) آپ نے فرمایا سنو! وہ گائے نہ تو بالکل بڑھیا ہو، نہ بچہ،
بُكْرَةٌ	صبح	9	فَاَوْحٰى اِلَيْهِمْ اَنْ سَبِّحُوْا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا. (مریم:۱۱) قوم کو اشارہ کیا کہ تم صبح وشام اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرو۔
بَكَّةُ	مکہ معظمہ	1	إِنَّ أَوَّلَ بَيْتٍ وُضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِيْ بِبَكَّةَ. (ال عمران:۹۶) اللہ تعالیٰ کا پہلا گھر جو لوگوں کے لئے مقرر کیا گیا وہی ہے جو مکہ (شریف) میں ہے۔
بَهِيْمَةٌ	چوپایہ	3	اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيْمَةُ الْأَنْعَامِ. (المائدہ:۱) تمہارے لئے مویشی چوپائے حلال کر دیے گئے۔
بَوَارٌ	ہلاکت، تباہی	1	وَأَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ. (ابراهيم:۲۸) اپنی قوم کو ہلاکت کے گھر میں لا اتارا۔
تَابُوْتٌ	لکڑی کا صندوق	2	إِنَّ آيَةَ مُلْكِهٖ أَنْ يَأْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ فِيْهِ سَكِيْنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ. (البقرة:۲۴۸) اس کی بادشاہت کی ظاہری نشانی یہ ہے کہ تمہارے پاس وہ صندوق آ جائے گا جس میں تمہارے رب کی طرف سے دلجمعی ہے۔
تَنُّوْرٌ	تنور	2	حَتّٰى اِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ. (هود:۴۰) یہاں تک کہ جب ہمارا حکم آ پہنچا اور تنور ابلنے لگا۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
تَارَةٌ	ایک مرتبہ	2	أَمْ اَمِنتُمْ أَنْ يُعِيدَكُمْ فِيهِ تَارَةً أُخْرٰى. (الاسریٰ: ٦٩) کیا تم اس بات سے بے خوف ہوگئے ہو کہ اللہ تعالیٰ پھر تمہیں دوبارہ دریا کے سفر میں لے آئے۔
تِينٌ	انجیر	1	وَالتِّينِ وَالزَّيْتُونِ. (التین: ١) قسم ہے انجیر کی اور زیتون کی۔
ثَرٰى	زمین	1	لَهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى. (طٰہٰ: ٦) جس کی ملکیت آسمانوں اور زمین اور ان دونوں کے درمیان اور زمین کے نیچے کی ہر ایک چیز پر ہے۔
ثِيَابٌ	کپڑے	8	فَالَّذِينَ كَفَرُوا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّنْ نَّارٍ. (الحج: ١٩) پس کافروں کے لئے تو آگ کے کپڑے بیونت کر کاٹے جائیں گے۔
جِبْتٌ	بت، جادو	1	اَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ أُوتُوا نَصِيبًا مِّنَ الْكِتَابِ يُؤْمِنُونَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوتِ. (النساء: ٥١) کیا آپ نے انہیں نہیں دیکھا جنہیں کتاب کا کچھ حصہ ملا ہے؟ جو بت کا اور باطل معبود کا اعتقاد رکھتے ہیں۔
جِبِلَّةٌ	فطرت، طبیعت	2	وَاتَّقُوا الَّذِي خَلَقَكُمْ وَالْجِبِلَّةَ الْاَوَّلِينَ. (الشعراء: ١٨٤) اس اللہ کا خوف رکھو جس نے خود تمہیں اور اگلی مخلوق کو پیدا کیا۔
جَبِينٌ/جِبَاهٌ	پیشانی، پیشانی کا کنارہ	2	فَلَمَّا أَسْلَمَا وَتَلَّهُ لِلْجَبِينِ. (الصافات: ١٠٣) غرض جب دونوں مطیع ہوگئے اور اس نے (باپ نے) اس کو (بیٹے کو) پیشانی کے بل گرا دیا۔
جَوَابٌ	تالاب	4	يَعْمَلُونَ لَهُ مَا يَشَآءُ مِنْ مَحَارِيبَ وَتَمَاثِيلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ. (سبا: ١٣) جو کچھ سلیمان چاہتے وہ جنات تیار کر دیتے مثلاً قلعے اور مجسمے اور حوضوں کے برابر لگن۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
جَدٌّ	شان، عظمت	1	وَأَنَّهُ تَعَالَى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا. (الجن: ۳) اور بے شک ہمارے رب کی شان بڑی بلند ہے نہ اس نے کسی کو (اپنی) بیوی بنایا ہے نہ بیٹا۔
جَدِيْدٌ	نیا	8	إِنْ يَّشَأْ يُذْهِبْكُمْ وَيَأْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ. (ابراهيم: ۱۹) اگر وہ چاہے تم سب کو فنا کر دے اور نئی مخلوق لائے۔
جُدَدٌ	حصے	1	وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌ بِيْضٌ. (فاطر: ۲۷) اور پہاڑوں کے مختلف حصے ہیں سفید
جِدَارٌ	دیوار	3	وَأَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلَامَيْنِ يَتِيْمَيْنِ فِي الْمَدِيْنَةِ. (الكهف: ۸۲) اور دیوار کا قصہ یہ ہے کہ شہر میں دو یتیم بچے ہیں۔
جُذَاذٌ	توڑا ہوا ٹکڑا	1	فَجَعَلَهُمْ جُذَاذًا اِلَّا كَبِيْرًا لَّهُمْ. (الانبياء: ۵۸) پس اس نے ان سب کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیے ہاں صرف بڑے بت کو چھوڑ دیا۔
جُذُوْعٌ	درخت کا کاٹنا، جڑ درخت کا تنہ	3	وَلَأُصَلِّبَنَّكُمْ فِيْ جُذُوْعِ النَّخْلِ. (طه: ۷۱) تم سب کو کھجور کے تنوں میں سولی پر لٹکوا دوں گا۔
جَذْوَةٌ	انگارہ	1	لَعَلِّيْ آتِيْكُمْ مِنْهَا بِخَبَرٍ أَوْ جَذْوَةٍ مِنَ النَّارِ. (القصص: ۲۹) بہت ممکن ہے کہ میں وہاں سے کوئی خبر لاؤں یا آگ کا کوئی انگارہ لاؤں۔
جُرُوْحٌ	زخم	2	وَالْأُذُنَ بِالْأُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ. (المائدة: ۴۵) اور کان کان کے بدلے اور دانت دانت کے بدلے اور خاص زخموں کا بھی بدلہ ہے۔
جُرُزٌ	چٹیل/بنجر/غیر آباد	2	أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا نَسُوْقُ الْمَاءَ إِلَى الْأَرْضِ الْجُرُزِ. (السجدة: ۲۷) کیا یہ نہیں دیکھتے کہ ہم پانی کو بنجر (غیر آباد) زمین کی طرف بہا کر لے جاتے ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
جُرُفٌ	کھائی، کنارہ	1	أَمْ مَّنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى شَفَا جُرُفٍ هَارٍ. (التوبة: ١٠٩) یا وہ شخص کہ جس نے اپنی عمارت کی بنیاد کسی گھاٹی کے کنارے پر جو کہ گرنے ہی کو ہو رکھی ہو۔
جُزْءٌ	فرقہ، حصہ	3	لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ لِكُلِّ بَابٍ مِنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ. (الحجر: ٤٤) جس کے سات دروازے ہیں۔ ہر دروازے کے لئے ان کا ایک حصہ بٹا ہوا ہے۔
جِزْيَةٌ	زمین کا محصول، ٹیکس، جو ذمی سے لیا جاتا ہے	1	حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صَاغِرُوْنَ. (التوبة: ٢٩) یہاں تک وہ ذلیل وخوار ہو کر اپنے ہاتھ سے جزیہ ادا کریں۔
جَسَدٌ	بدن	4	وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰى مِنْ بَعْدِهٖ مِنْ حُلِيِّهِمْ عِجْلًا جَسَدًا. (الاعراف: ١٤٨) اور موسیٰ (علیہ السلام) کی قوم نے ان کے بعد اپنے زیوروں کا ایک بچھڑے کے بدن کو معبود ٹھہرا لیا۔
جِسْمٌ	بدن،	2	وَزَادَهٗ بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ. (البقرة: ٢٤٧) اور اسے علمی وجسمانی برتری بھی عطا فرمائی۔
جَمَالٌ	خوبصورتی، عزت، رونق	8	وَلَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ وَحِيْنَ تَسْرَحُوْنَ. (النحل: ٦) اور ان میں تمہاری رونق بھی ہے جب چرا کر لاؤ تب بھی اور جب چرانے لے جاؤ تب بھی۔
جُمْلَةٌ	مجموعہ، سارا	1	وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ الْقُرْاٰنُ جُمْلَةً وَّاحِدَةً. (الفرقان: ٣٢) اور کافروں نے کہا کہ اس پر قرآن سارا کا سارا ایک ساتھ ہی کیوں نہ اتارا گیا۔
جُنَّةٌ	ڈھال، ہتھیاروں سے بچاؤ کی چیز	2	اِتَّخَذُوْا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً. (المجادلة: ١٦) انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنایا۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
اَجِنَّةٌ	بچہ	1	وَاِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِیْ بُطُوْنِ اُمَّهَاتِكُمْ. (النجم: ٣٢) جبکہ تم اپنی ماؤں کے پیٹوں میں بچے تھے۔
جُوْدِیٌّ	پہاڑ کا نام	1	وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِیِّ. (هود: ٤٤) اسی وقت پانی سکھا دیا گیا اور کام پورا کر دیا گیا اور کشتی "جودی" نامی پہاڑ پر جا لگی۔
جِيَادٌ	عمدہ، خاص	1	اِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِیِّ الصّٰفِنٰتُ الْجِيَادُ. (ص: ٣١) جب ان کے سامنے شام کے وقت تیز رو خاصے گھوڑے پیش کئے گئے۔
جَارٌ	پڑوسی، ہمسایہ	3	وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِی الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ ذِی الْقُرْبٰى. (النساء: ٣٦) اور ماں باپ کے ساتھ سلوک و احسان کرو اور رشتہ داروں سے اور یتیموں سے اور مسکینوں سے اور قرابت دار ہمسایہ سے۔
جَوْفٌ	پیٹ	1	مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِیْ جَوْفِهٖ. (الاحزاب: ٤) کسی آدمی کے سینے میں اللہ تعالیٰ نے دو دل نہیں رکھے۔
جَوٌّ	ہوا	1	اَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِیْ جَوِّ السَّمَآءِ. (النحل: ٧٩) کیا ان لوگوں نے پرندوں کو نہیں دیکھا جو تابع فرمان ہو کر فضا میں ہیں۔
جَيْبٌ	گریبان	3	وَاَدْخِلْ يَدَكَ فِیْ جَيْبِكَ. (النمل: ١٢) اور اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں ڈال۔
جُبٌّ	گہرا کنواں، کچا کنواں	2	وَاَلْقُوْهُ فِیْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ. (يوسف: ١٠) بلکہ اسے کسی اندھے کنویں (کی تہہ) میں ڈال آؤ۔
حُبُكٌ	مضبوط، سخت، خوبصورت	1	وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْحُبُكِ. (الذاريات: ٧) قسم ہے راہوں والے آسمان کی۔
حَبٌّ حَبَّةٌ	دانا	9	فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا. (عبس: ٢٧) پھر ہم نے اس میں دانا (اناج) اگایا۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
حَبْلٌ	رسی	7	وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا. (آل عمران: ۱۰۳) اللہ کی رسی کو سب مل کر مضبوط تھام لو اور پھوٹ نہ ڈالو۔
حَثِيْثٌ	تیز/جلدی	1	يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا. (الاعراف: ۵٤) وہ شب دن کو جلدی سے آلیتی ہے۔
حِجَابٌ	پردہ، دیوار/آڑ	7	وَبَيْنَهُمَا حِجَابٌ (الاعراف: ٤٦) اور ان کے درمیان ایک آڑ ہوگی۔
حِجَجٌ	برس، سال	1	عَلٰى اَنْ تَاْجُرَنِيْ ثَمٰنِيَ حِجَجٍ. (القصص: ۲۷) اس (مہر پر) کہ آپ آٹھ سال تک میرا کام کاج کریں گے۔
حُجَّةٌ	دلیل، برہان	7	لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ (البقرۃ: ۱۵۰) تاکہ لوگوں کی تم پر کوئی حجت باقی نہ رہے۔
حَدَبٌ	زمین کی اونچی جگہ	1	وَهُمْ مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ. (الانبیاء: ۹٦) وہ ہر بلندی سے دوڑتے ہوئے آئیں گے۔
حَدِيْدٌ	تیز، کاٹنے والا لوہا	7	اٰتُوْنِيْ زُبَرَ الْحَدِيْدِ (الکہف: ۹٦) مجھے لوہے کی چادریں لا دو۔
حَدَائِقُ	باغ	3	فَاَنْبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ. (النمل: ٦۰) پھر اس سے ہرے بھرے بارونق باغات اگا دیئے
مِحْرَابٌ	حجرہ	5	كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ (آل عمران: ۳۷) جب کبھی زکریا ان کے حجرے میں جاتے۔
حُرٌّ	آزاد، شریف	2	كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ. (البقرۃ: ۱۷۸) اے ایمان والو! تم پر مقتولوں کا قصاص لینا فرض کیا گیا ہے آزاد کے بدلے آزاد۔
حَرُوْرٌ	دھوپ کی گرمی	1	وَلَا الظُّلُمٰتُ وَلَا النُّوْرُ وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُوْرُ. (فاطر: ۲۰ – ۲۱) اور نہ تاریکی اور روشنی اور نہ چھاؤں اور نہ دھوپ۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
حَرِيْرٌ	ریشم	3	وَجَزَاهُمْ بِمَا صَبَرُوْا جَنَّةً وَّحَرِيْرًا. (الدھر:۱۲) اور انہیں ان کے صبر کے بدلے جنت اور ریشمی لباس عطا فرمائے۔
حَرَسٌ	چوکیدار	1	وَأَنَّا لَمَسْنَا السَّمَآءَ فَوَجَدْنَاهَا مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيْدًا وَّشُهُبًا. (الجن:۸) اور ہم نے آسمان کو ٹٹول کر دیکھا تو اسے سخت چوکیداروں اور سخت شعلوں سے پر پایا۔
حَرْفٌ	کنارہ، دھار	1	وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ. (الحج:۱۱) بعض لوگ ایسے بھی ہیں کہ ایک کنارے پر کھڑے ہوکر اللہ کی عبادت کرتے ہیں۔
حَرِيْقٌ	جلتی آگ، آگ کا شعلہ	5	وَنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ. (آل عمران:۱۸۱) اور ہم ان سے کہیں گے کہ جلنے والا عذاب چکھو۔
مَحْرُوْمٌ	وہ محتاج جو لوگوں سے نہ مانگے	2	وَفِيْ أَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّائِلِ وَالْمَحْرُوْمِ. (الذاریات:۱۹) اور ان کے مال میں مانگنے والوں کا اور سوال سے بچنے والوں کا حق تھا۔
مُحَرَّمٌ	حرام کیا ہوا	5	وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ إِخْرَاجُهُمْ. (البقرۃ:۸۵) لیکن ان کا نکالنا جو تم پر حرام تھا (اس کا کچھ خیال نہ کیا)۔
حَسِيْسٌ	آہٹ، آہستہ آواز	1	لَا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا. (الانبیاء:۱۰۲) وہ تو دوزخ کی آہٹ تک نہیں سنیں گے۔
حُسُوْمٌ	لگاتار	1	سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَّثَمَانِيَةَ أَيَّامٍ حُسُوْمًا. (الحاقۃ:۷) جسے ان پر لگاتار سات رات اور آٹھ دن تک (اللہ نے) مسلط رکھا۔
حَطَبٌ	لکڑیاں	2	وَامْرَأَتُهٗ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ. (اللھب:٤) اور اس کی بیوی بھی (جائے گی) جو لکڑیاں ڈھونڈنے والی ہے۔
حُطَامٌ	ٹکڑے ہونا، ریزہ ریزہ ہونا	3	ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرَاهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَجْعَلُهٗ حُطَامًا. (الزمر:۲۱) پھر وہ خشک ہو جاتی ہیں اور آپ انہیں زرد رنگ دیکھتے ہیں پھر انہیں ریزہ ریزہ کر دیتا ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
حُطَمَةٌ	توڑنے والی آگ، دوزخ	2	كَلَّا لَيُنْبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ. (الهمزة: ٤) ہرگز نہیں یہ تو ضرور توڑ پھوڑ دینے والی آگ میں پھینک دیا جائے گا۔
حَظٌّ	حصہ، نصیب	7	لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ. (النساء: ١١) ایک لڑکے کا حصہ دو لڑکیوں کے برابر ہے۔
حَفَدَةٌ	پوتے	1	وَجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ أَزْوَاجِكُمْ بَنِينَ وَحَفَدَةً. (النحل: ٧٢) تمہاری بیویوں سے تمہارے لئے تمہارے بیٹے اور پوتے پیدا کئے۔
حُفْرَةٌ، حَافِرَةٌ	گڑھا، قبر	1	وَكُنْتُمْ عَلَى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ. (آل عمران: ١٠٣) اور تم آگ کے گڑھے کے کنارے پہنچ چکے تھے۔
حُقُبٌ (حَقَبٌ کی جمع)	مدتوں تک/ سالہا سال تک	2	لَا أَبْرَحُ حَتَّى أَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ أَوْ أَمْضِيَ حُقُبًا. (الكهف: ٦٠) میں تو چلتا ہی رہوں گا یہاں تک کہ دو دریاؤں کے سنگم پر پہنچوں، خواہ مجھے سالہا سال چلنا پڑے۔
أَحْقَافٌ	قوم عاد کے علاقے کا نام	1	إِذْ أَنْذَرَ قَوْمَهُ بِالْأَحْقَافِ. (الاحقاف: ٢١) جبکہ اس نے اپنی قوم احقاف میں ڈرایا۔
حَلَائِلُ (حليلة کی جمع)	بیوی	1	وَحَلَائِلُ أَبْنَائِكُمْ. (النساء: ٢٣) اور تمہارے صلبی سگے بیٹوں کی بیویاں۔
حُلُمٌ	عقل	2	وَالَّذِينَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ. (النور: ٥٨) اور انہیں بھی جو تم میں سے بلوغت کو نہ پہنچے ہوں (اپنے آنے کی) تین وقتوں میں اجازت حاصل کرنی ضروری ہے۔
أَحْلَامٌ	خواب	4	قَالُوا أَضْغَاثُ أَحْلَامٍ. (يوسف: ٤٤) انہوں نے جواب دیا کہ یہ تو اڑتے اڑاتے پریشان خواب ہیں۔
حِلْيَةٌ	زیور	5	وَتَسْتَخْرِجُوا مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُونَهَا. (النحل: ١٤) اور اس میں سے اپنے پہننے کے زیورات نکال سکو۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
حِمَارٌ، حَمِيرٌ	گدھا	4	مَثَلُ الَّذِينَ حُمِّلُوا التَّوْرَاةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ (الجمعة: ٥) جن لوگوں کو تورات پر عمل کرنے کا حکم دیا گیا پھر انہوں نے اس پر عمل نہیں کیا ان کی مثال اس گدھے کی سی ہے۔
حَمْلٌ	ولادت سے پہلے پیٹ میں بچہ	8	وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا. (الحج: ٢) تمام حمل والیوں کے حمل گر جائیں گے۔
حِمْلٌ	بوجھ	3	وَلِمَنْ جَاءَ بِهِ حِمْلُ بَعِيرٍ. (يوسف: ٧٢) جو اسے لے آئے اسے ایک اونٹ کے بوجھ کا غلہ ملے گا۔
حَمُولَةٌ	اونچے قد کا جانور	1	وَمِنَ الْأَنْعَامِ حَمُولَةً وَفَرْشًا. (الانعام: ١٤٢) اور مویشی اونچے قد کے اور چھوٹے قد کے (پیدا کئے)۔
حَمِيَّةٌ	نفرت، نخوت، مروت	2	إِذْ جَعَلَ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي قُلُوبِهِمُ الْحَمِيَّةَ. (الفتح: ٢٦) جبکہ کافروں نے اپنے دلوں میں حمیت کو جگہ دی۔
حِنْثٌ	گناہ	1	وَكَانُوا يُصِرُّونَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيمِ. (الواقعة: ٤٦) اور بڑے بڑے گناہوں پر اصرار کرتے تھے۔
حَنَاجِرُ	گلا (منہ)	2	وَبَلَغَتِ الْقُلُوبُ الْحَنَاجِرَ (الاحزاب: ١٥) اور کلیجے منہ کو آ گئے۔
حَنَانٌ	شوق، دل کی نرمی	1	وَحَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا وَزَكَاةً وَّكَانَ تَقِيًّا. (مريم: ١٣) اور اپنے پاس سے شفقت اور پاکیزگی بھی اور وہ پرہیزگار شخص تھا۔
(حُوْبٌ)	گناہ	1	إِنَّهُ كَانَ حُوبًا كَبِيرًا. (النساء: ٢) بے شک یہ بہت بڑا گناہ ہے۔
حُوْتٌ	مچھلی	5	فَإِنِّي نَسِيتُ الْحُوتَ وَمَا أَنْسَانِيهُ إِلَّا الشَّيْطَانُ. (الكهف: ٦٣) وہیں میں مچھلی بھول گیا تھا، دراصل شیطان نے ہی مجھے بھلا دیا۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
حَاجَةٌ	خواہش،ضرورت	3	إِلَّا حَاجَةً فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضَاهَا. (یوسف: ٦٨) مگر یعقوب (علیہ السلام) کے دل میں ایک خیال (پیدا ہوا) جسے اس نے پورا کیا۔
حَوَارِيُّوْنَ	خیرخواہ،مددگار	5	قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ. (آل عمران: ٥٢) حواریوں نے جواب دیا کہ ہم اللہ کی راہ میں مددگار ہیں۔
حَوْلٌ	سال	2	وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا وَّصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ مَّتَاعًا إِلَى الْحَوْلِ (البقرة: ٢٤٠) اور بیویاں چھوڑ جائیں وہ وصیت کر جائیں کہ ان کی بیویاں سال بھر تک فائدہ اٹھائیں۔
حِوَلٌ	جگہ بدلنا،انتقال	1	خَالِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا. (الکھف: ١٠٨) جہاں وہ ہمیشہ رہا کریں گے جس جگہ کو بدلنے کا کبھی بھی ان کا ارادہ ہی نہ ہوگا۔
حَوَايَا	انتڑیاں	1	إِلَّا مَا حَمَلَتْ ظُهُوْرُهُمَا أَوِ الْحَوَايَا. (الانعام: ١٤٦) مگر وہ جوان کی پشت پر یا انتڑیوں میں لگی ہو۔
خَبْءٌ	پوشیدہ چیز	1	اَلَّذِيْ يُخْرِجُ الْخَبْءَ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ. (النمل: ٢٥) جو آسمانوں اور زمینوں کی پوشیدہ چیزوں کو باہر نکالتا ہے۔
خَبَالٌ	خرابی،نقصان	2	لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ لَا يَأْلُوْنَكُمْ خَبَالًا. (آل عمران: ١١٨) تم اپنا دلی دوست ایمان والوں کے سوا اور کسی کو نہ بناؤ۔ دوسرے لوگ تمہاری تباہی میں کسر نہیں اٹھاتے۔
اُخْدُوْدٌ	لمبا گڑھا (خندق)	1	قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ. (البروج: ٤) کہ خندقوں والے ہلاک کئے گئے۔
خَدٌّ	گال،رخسار	1	وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ. (لقمان: ١٨) اور لوگوں کے سامنے اپنے گال نہ پھلا۔
اَخْدَانٌ	دوست،یار،ساتھی	2	مُحْصَنٰتٍ غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ وَّلَا مُتَّخِذٰتِ اَخْدَانٍ. (النساء: ٢٥) وہ پاک دامن ہوں نہ کہ علانیہ بدکاری کرنے والیاں، نہ خفیہ آشنائی کرنے والیاں۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
خَرْدَلٌ	رائی کا دانہ	2	وَإِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ أَتَيْنَا بِهَا. (الانبياء: ٤٧) اور اگر ایک رائی کے دانے کے برابر بھی عمل ہوگا ہم اسے لا حاضر کریں گے۔
خُرْطُوْمٌ	سونڈ	1	سَنَسِمُهُ عَلَى الْخُرْطُوْمِ. (القلم: ١٦) ہم بھی اس کی سونڈ (ناک) پر داغ دیں گے۔
خَزَنَةٌ	داروغہ	4	وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا أَلَمْ يَأْتِكُمْ رُسُلٌ مِنْكُمْ. (الزمر: ٧١) اور وہاں کے نگہبان ان سے سوال کریں گے کہ کیا تمہارے پاس تم میں سے رسول نہیں آئے تھے؟
خَزَائِنُ	خزانے	7	وَلِلّٰهِ خَزَائِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ. (المنافقون: ٧) اور آسمان و زمین کے کل خزانے اللہ تعالیٰ کی ملکیت ہیں۔
خُشُبٌ	لکڑی	1	وَإِنْ يَقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ كَأَنَّهُمْ خُشُبٌ مُسَنَّدَةٌ. (المنافقون: ٤) یہ جب باتیں کرنے لگیں تو آپ ان کی باتوں پر (اپنا) کان لگائیں، گویا کہ یہ لکڑیاں ہیں دیوار کے سہارے لگائی ہوئیں۔
خَصَاصَةٌ	فاقہ/حاجت	1	وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰى أَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ. (الحشر: ٩) بلکہ خود اپنے اوپر انہیں ترجیح دیتے ہیں گو خود کو کتنی ہی سخت حاجت ہو۔
خَصْمٌ	مدمقابل، مخالف	3	وَهَلْ أَتَاكَ نَبَأُ الْخَصْمِ إِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ. (ص: ٢١) اور کیا تجھے جھگڑا کرنے والوں کی (بھی) خبر ملی؟ جبکہ وہ دیوار پھاند کر محراب میں آ گئے۔
مَخْضُوْدٌ	وہ چیز جس میں کانٹے نہ ہوں	1	فِيْ سِدْرٍ مَخْضُوْدٍ. (الواقعة: ٢٨) بغیر کانٹوں کی بیریوں میں (ہوں گے)۔
اَخْضَرُ	سرسبز، سبزہ زار	8	الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ مِنَ الشَّجَرِ الْأَخْضَرِ نَارًا. (يس: ٨٠) وہی جس نے تمہارے لئے سبز درخت سے آگ پیدا کر دی۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
خِطَابٌ	گفتگو	3	وَشَدَدْنَا مُلْكَهُ وَآتَيْنَاهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ (ص:۲۰) اور ہم نے اس کی سلطنت کو مضبوط کر دیا تھا اور اسے حکمت دی تھی اور بات کا فیصلہ کرنا۔
خُطُوَاتٌ	چلنے کے وقت دو قدموں کے درمیان کا فاصلہ	5	يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ. (النور:۲۱) ایمان والو! شیطان کے قدم بقدم نہ چلو۔
خَلِيفَةٌ	جانشین، قائم مقام	9	وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَائِكَةِ إِنِّي جَاعِلٌ فِي الْأَرْضِ خَلِيفَةً (البقرہ:۳۰) اور جب تیرے رب نے فرشتوں سے کہا کہ میں زمین میں خلیفہ بنانے والا ہوں۔
خَلَاقٌ	حصہ، بھلائی کا حصہ	3	أُولَئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِي الْآخِرَةِ (آل عمران:۷۷) اور ان کے لئے آخرت میں کوئی حصہ نہیں۔
خُلُقٌ	عادت، طبیعت، مروت	2	وَإِنَّكَ لَعَلَى خُلُقٍ عَظِيمٍ. (القلم:۴) اور بے شک تو بہت بڑے (عمدہ) اخلاق پر ہے۔
خَمْرٌ	شراب	4	إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْأَنْصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ. (المائدہ:۹۰) بات یہی ہے کہ شراب اور جوا اور تھان اور فال نکالنے کے پانسے کے تیر یہ سب گندی باتیں شیطانی کام ہیں۔
مَخْمَصَةٌ	بھوک	2	فَمَنِ اضْطُرَّ فِي مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِإِثْمٍ. (المائدۃ:۳) پس جو شخص شدت کی بھوک میں بے قرار ہو جائے بشرطیکہ کسی گناہ کی طرف اس کا میلان نہ ہو۔
خَمْطٌ	ہر کھٹی یا کڑوی چیز پیلو کا پھل	1	وَبَدَّلْنَاهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ أُكُلٍ خَمْطٍ. (سبا:۱۶) اور ہم نے ان کے (ہرے بھرے) باغوں کے بدلے دو (ایسے) باغ دیئے جو بدمزہ میووں والے۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
خُوَارٌ	گائے کی آواز	2	فَأَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهُ خُوَارٌ (طہ: ۸۸) پھر اس نے لوگوں کے لئے ایک بچھڑا نکال کھڑا کیا یعنی بچھڑے کا بت، جس کی گائے کی سی آواز بھی تھی۔
خَالٌ	ماموں	5	وَبَنَاتِ خَالِكَ وَبَنَاتِ خَالَاتِكَ اللَّاتِي هَاجَرْنَ مَعَكَ (الاحزاب: ۵۰) تیرے ماموں کی بیٹیاں اور تیری خالاؤں کی بیٹیاں بھی جنہوں نے تیرے ساتھ ہجرت کی ہے۔
خَيْطٌ	دھاگا	2	كُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ (البقرۃ: ۱۸۷) تم کھاتے پیتے رہو یہاں تک کہ صبح کا سفید دھاگہ سیاہ دھاگے سے ظاہر ہو جائے۔
خِيَاطٌ	سوئی	1	وَلَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ (الاعراف: ۴۰) اور وہ لوگ کبھی جنت میں نہ جائیں گے جب تک کہ اونٹ سوئی کے ناکہ کے اندر سے نہ چلا جائے۔
دَأْبٌ	عادت، حالت	4	كَدَأْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ (آل عمران: ۱۱) جیسا آل فرعون کا حال ہوا، اور ان کا جوان سے پہلے تھے۔
دَأَبٌ	لگاتار جانفشانی سے کام کرنا، جم کر کرنا	1	قَالَ تَزْرَعُوْنَ سَبْعَ سِنِيْنَ دَأَبًا (یوسف: ۴۷) یوسف نے جواب دیا کہ تم سات سال تک پے در پے لگاتار حسب عادت غلہ بویا کرنا۔
دَائِبَيْنِ	دستور، ایک عادت عام پر رہنے والا	1	وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَائِبَيْنِ (ابراھیم: ۳۳) اسی نے تمہارے لئے سورج چاند کو مسخر کر دیا ہے کہ برابر ہی چل رہے ہیں۔
دُخَانٌ	دھواں	2	ثُمَّ اسْتَوٰى إِلَى السَّمَآءِ وَهِيَ دُخَانٌ (حم سجدہ: ۱۱) پھر آسمان کی طرف متوجہ ہوا اور وہ دھواں (سا) تھا۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
دُسُرٌ	کیل، میخ	1	وَحَمَلْنَاهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَدُسُرٍ. (القمر: ١٣) اور ہم نے ان تختوں اور کیلوں والی (کشتی) پر سوار کرلیا۔
دِفْءٌ	گرمی کا لباس	1	وَالْأَنْعَامَ خَلَقَهَا لَكُمْ فِيهَا دِفْءٌ (النحل: ٥) اسی نے چوپائے پیدا کئے جن میں تمہارے لئے گرمی کے لباس ہیں۔
دَلْوٌ	ڈول	1	وَجَاءَتْ سَيَّارَةٌ فَأَرْسَلُوا وَارِدَهُمْ فَأَدْلٰى دَلْوَهٗ (یوسف: ١٩) اور ایک قافلہ آیا اور انہوں نے اپنے پانی لانے والے کو بھیجا اس نے اپنا ڈول لٹکا دیا۔
دَمْعٌ	آنسو	2	تَوَلَّوْا وَّاَعْيُنُهُمْ تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ (التوبة: ٩٢) تو وہ رنج وغم سے اپنی آنکھوں سے آنسو بہاتے ہوئے لوٹ جاتے ہیں۔
دَهْرٌ	طویل زمانہ، لمبی مدت	2	هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ (الدھر: ١) یقیناً گزرا ہے انسان پر ایک وقت زمانے میں۔
مُدْهَامَّتَانِ	گہرے سبز، سیاہی مائل	1	مُدْهَامَّتَانِ. (الرحمن: ٦٤) (دو جنتیں) جو دونوں گہری سبز سیاہی مائل ہیں
دُوْلَةٌ	گردش کرنے والا	1	كَيْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةً بَيْنَ الْأَغْنِيَاءِ مِنْكُمْ. (الحشر: ٧) تاکہ تمہارے دولت مندوں کے ہاتھ میں ہی یہ مال گردش کرتا نہ رہ جائے۔
دُهْنٌ	تیل/تری	1	وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَاءَ تَنْبُتُ بِالدُّهْنِ (المؤمنون: ٢٠) اور وہ درخت جو طور سینا پہاڑ سے نکلتا ہے جو تیل نکالتا ہے۔
دَيْنٌ	قرض	5	إِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ إِلٰى اَجَلٍ مُّسَمًّى فَاكْتُبُوْهُ. (البقرة: ٢٨٢) جب تم آپس میں ایک دوسرے سے میعاد مقرر پر قرض کا معاملہ کرو تو اسے لکھ لیا کرو۔
ذِئْبٌ	بھیڑیا	3	قَالُوْا لَئِنْ اَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ إِنَّا إِذًا لَّخَاسِرُوْنَ. (یوسف: ١٤) انہوں نے جواب دیا کہ ہم جیسی (زور آور) جماعت کی موجودگی میں بھی اسے بھیڑیا کھا جائے تو ہم بالکل نکمے ہی ہوئے۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
ذُبَابٌ	مکھی	2	وَ إِنْ يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْئًا لَّا يَسْتَنْقِذُوْنَ مِنْهُ. (الحج: ۷۳) بلکہ اگر مکھی ان سے کوئی چیز لے بھاگے تو یہ تو اسے بھی اس سے چھین نہیں سکتے۔
ذَرْعٌ	دل	2	وَلَمَّا جَاءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْئَءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا. (هود: ۷۷) جب ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے لوط کے پاس پہنچے تو وہ ان کی وجہ سے بہت غمگین ہوگئے اور دل ہی دل میں کڑھنے لگے۔
ذَرْعٌ، ذِرَاعٌ	طول (گز)	3	ثُمَّ فِيْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ. (الحاقة: ۳۲) پھر اسے ایسی زنجیر میں جس کی پیائش ستر ہاتھ کی ہے جکڑ دو۔
اَذْقَانٌ ذَقْنٌ کی جمع	ٹھوڑی	3	يَخِرُّوْنَ لِلْأَذْقَانِ سُجَّدًا. (الاسراء: ۱۰۷) وہ ٹھوڑیوں کے بل سجدہ میں گر پڑتے ہیں۔
ذَهَبٌ	سونا	8	وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ. (التوبة: ۳٤) اور جو لوگ سونے چاندی کا خزانہ رکھتے ہیں اور اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے۔
رُؤْيَا	خواب	7	وَمَا جَعَلْنَا الرُّؤْيَا الَّتِيْ اَرَيْنَاكَ اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ. (الاسراء: ٦٠) جو رویا (عینی رویت) ہم نے آپ کو دکھائی تھی وہ لوگوں کے لئے صاف آزمائش ہی تھی۔
رِبَا	سود	8	ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوْا اِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبَا. (البقرة: ۲۷۵) یہ اس لئے کہ یہ کہا کرتے تھے کہ تجارت بھی تو سود ہی کی طرح ہے۔
رَبْوَةٌ	بلند زمین، ٹیلہ	2	كَمَثَلِ جَنَّةٍ بِرَبْوَةٍ اَصَابَهَا وَابِلٌ. (البقرة: ۲٦۵) اس باغ جیسی ہے جو اونچی زمین پر ہو اور زوردار بارش اس پر برسے۔
رَجْفَةٌ	زلزلہ	4	فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَأَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جَاثِمِيْنَ. (الاعراف: ۷۸) پھر ان کو زلزلہ نے آ پکڑا اور وہ اپنے گھروں میں اوندھے کے اوندھے پڑے رہ گئے۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
رَحْلٌ	کجاوہ	2	قَالُوْا جَزَآءُهٗ مَنْ وُّجِدَ فِيْ رَحْلِهٖ فَهُوَ جَزَآؤُهٗ. (یوسف: ۷۵) جواب دیا کہ اس کی سزا یہی ہے کہ جس کے اسباب میں سے پایا جائے وہی اس کا بدلہ ہے۔
رِحْلَةٌ	سفر، کوچ	1	لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّیْفِ. (القریش: ۲) قریش کے مانوس کرنے کے لئے (یعنی) انہیں جاڑے اور گرمی کے سفر سے مانوس کرنے کے لئے۔
رَدْمٌ	دیوار	1	فَاَعِیْنُوْنِیْ بِقُوَّةٍ اَجْعَلْ بَیْنَكُمْ وَبَیْنَهُمْ رَدْمًا. (الکہف: ۹۵) تم صرف قوت طاقت سے میری مدد کرو۔ میں تم میں اور ان میں مضبوط حجاب بنا دیتا ہوں۔
رَسٌّ	پرانا کنواں، علامت	2	كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّاَصْحٰبُ الرَّسِّ وَثَمُوْدُ. (ق: ۱۲) ان سے پہلے نوح کی قوم نے اور رس والوں نے اور ثمود نے۔
رَطْبٌ	ہری چیز، تر چیز	1	وَلَا رَطْبٍ وَّلَا یَابِسٍ اِلَّا فِیْ كِتٰبٍ مُّبِیْنٍ. (الانعام: ۵۹) اور نہ کوئی تر اور نہ کوئی خشک چیز گرتی ہے مگر یہ سب کتاب مبین میں ہیں۔
رُطَبٌ	پختہ تازہ کھجور	1	وَهُزِّیْۤ اِلَیْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسٰقِطْ عَلَیْكِ رُطَبًا جَنِیًّا. (مریم: ۲۵) اور اس کھجور کے تنے کو اپنی طرف ہلا، یہ تیرے سامنے تر و تازہ پکی کھجوریں گرا دے گا۔
رُعْبٌ	گھبراہٹ، ہیبت	4	سَنُلْقِیْ فِیْ قُلُوْبِ الَّذِیْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ. (آل عمران: ۱۵۱) ہم عنقریب کافروں کے دلوں میں رعب ڈال دیں گے۔
رَعْدٌ	بادل کی گرج	2	اَوْ كَصَیِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِیْهِ ظُلُمٰتٌ وَّرَعْدٌ وَّبَرْقٌ. (البقرۃ: ۱۹) یا آسمانی برسات کی طرح جس میں اندھیریاں اور گرج اور بجلی ہو۔
رِعَآءٌ	چرواہا	1	قَالَ مَا خَطْبُكُمَا قَالَتَا لَا نَسْقِیْ حَتّٰی یُصْدِرَ الرِّعَآءُ. (القصص: ۲۳) پوچھا کہ تمہارا کیا حال ہے، وہ بولیں کہ جب تک یہ چرواہے واپس نہ لوٹ جائیں ہم پانی نہیں پلاتیں۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
مَرْعٰی	گھاس (چراگاہ)	2	وَالَّذِیْ اَخْرَجَ الْمَرْعٰی (الاعلی:٤) اور جس نے تازہ گھاس پیدا کی۔
رُفَاتٌ	بھوسہ، چوراچورا	2	وَقَالُوْا ءَ اِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَ اِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِیْدًا (الاسراء:٤٩) انھوں نے کہا کہ کیا جب ہم ہڈیاں اور (مٹی ہوکر) ریزہ ریزہ ہو جائیں گے تو کیا ہم ازسرِنو پیدا کر کے پھر دوبارہ اٹھا کر کھڑے کر دیئے جائیں گے۔
رِفْدٌ	انعام، عطیہ، مدد	1	وَاُتْبِعُوْا فِیْ هٰذِهٖ لَعْنَةً وَّیَوْمَ الْقِیٰمَةِ بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ (هود:٩٩) ان پر تو اس دنیا میں بھی لعنت چپکا دی گئی اور قیامت کے دن بھی برا انعام ہے جو دیا گیا۔
رَفْرَفٌ	مسند، تکیہ	1	مُتَّكِـئِیْنَ عَلٰی رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّعَبْقَرِیٍّ حِسَانٍ (الرحمٰن:٧٦) سبز مسندوں اور عمدہ فرشوں پر تکیہ لگائے ہوئے ہوں گے۔
رَفِیْقٌ	ساتھی، مہربان	1	وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِیْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِیْقًا (النسآء:٦٩) وہ ان لوگوں کے ساتھ ہوگا جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام کیا ہے، جیسے نبی اور صدیق اور شہید اور نیک لوگ یہ بہترین رفیق ہیں۔
مَرَافِقُ	کہنیاں	1	فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَیْدِیَكُمْ اِلَی الْمَرَافِقِ (المائدہ:٦) اپنے منہ کو اور اپنے ہاتھوں کو کہنیوں سمیت دھولو۔
رَقَبَةٌ	گردن	6	وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَاً فَتَحْرِیْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ (النساء:٩٢) جو شخص کسی مسلمان کو بلا قصد مار ڈالے، اس پر ایک مسلمان غلام کی گردن آزاد کرنا۔
رِكْزٌ	دھیمی آواز، آہٹ	1	هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا (مریم:٩٨) کیا ان میں سے ایک کی بھی آہٹ تو پاتا ہے یا ان کی آواز کی بھنک بھی تیرے کان میں پڑتی ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
رُكْنٌ	پناہ، باعث، تقویت عزت و قوت وغلبہ	2	قَالَ لَوْ أَنَّ لِي بِكُمْ قُوَّةً اَوْ آوِيْ إِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ. (هود: ٨٠) لوط نے کہا کاش کہ مجھ میں تم سے مقابلہ کرنے کی قوت ہوتی یا میں کسی زبردست کا آسرا پکڑ پاتا۔
رِمَاحٌ	نیزہ	1	لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِّنَ الصَّيْدِ تَنَالُهُ أَيْدِيكُمْ وَرِمَاحُكُمْ. (المائدة: ٩٤) اللہ تعالیٰ قدرے شکار سے تمہارا امتحان کرے گا جن تک تمہارے ہاتھ اور تمہارے نیزے پہنچ سکیں گے۔
رَمَادٌ	راکھ	1	أَعْمَالُهُمْ كَرَمَادٍ إِشْتَدَّتْ بِهِ الرِّيحُ فِيْ يَوْمٍ عَاصِفٍ. (ابراهيم: ١٨) ان کے اعمال مثل اس راکھ کے ہیں جس پر تیز ہوا آندھی والے دن چلے۔
رَمْزٌ	اشارہ	1	قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ اِلَّا رَمْزًا. (آل عمران: ٤١) فرمایا نشانی یہ ہے کہ تین دن تک تو لوگوں سے بات نہ کر سکے گا، صرف اشارے سے سمجھائے گا۔
زَمْهَرِيْرٌ	سخت سردی	1	مُتَّكِئِيْنَ فِيهَا عَلَى الْأَرَآئِكِ لَا يَرَوْنَ فِيهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيْرًا. (الدهر: ١٣) یہ وہاں تختوں پر تکیے لگائے ہوئے بیٹھیں گے۔ نہ وہاں آفتاب کی گرمی دیکھیں گے نہ جاڑے کی سختی۔
زَنْجَبِيْلٌ	سونٹھ	1	وَيُسْقَوْنَ فِيهَا كَأْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنْجَبِيْلًا. (الدهر: ١٧) اور انہیں وہاں جام پلائے جائیں گے جن کی آمیزش زنجبیل کی ہوگی۔
زَنِيْمٌ	بدنام، کمینہ	1	عُتُلٍّ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ. (القلم: ١٣) گردن کش پھر ساتھ ہی بے نسب ہو۔
زَهْرَةٌ	رونق، آرائش	1	وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهِ اَزْوَاجًا مِنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا. (طه: ١٣١) اور اپنی نگاہیں ہرگز ان چیزوں کی طرف نہ دوڑانا جو ہم نے ان میں سے مختلف لوگوں کو آرائش دنیا کی دے رکھی ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
زَادٌ	توشہ	1	فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى. (البقرة:١٩٧) سب سے بہتر توشہ اللہ تعالیٰ کا ڈر ہے۔
زَوَالٌ	دنیا سے ٹلنا، سورج کا ڈھلنا	1	أَوَلَمْ تَكُونُوا أَقْسَمْتُمْ مِنْ قَبْلُ مَا لَكُمْ مِنْ زَوَالٍ. (ابراهيم:٤٤) کیا تم اس سے پہلے بھی قسمیں نہیں کھا رہے تھے؟ کہ تمہارے لئے دنیا سے ٹلنا ہی نہیں۔
زَيْتُوْنٌ	زیتون کا درخت، زیتون کا پھل	6	وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ. (التين:١) قسم ہے انجیر کی اور زیتون کی۔
زَيْتٌ	زیتون کا تیل	1	يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ. (النور:٣٥) خود وہ تیل قریب ہے کہ آپ ہی روشنی دینے لگے اگرچہ اسے آگ نہ بھی چھوئے۔
زَيْغٌ	شک، حق سے انحراف	1	فَأَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ. (آل عمران:٧) پس جن کے دلوں میں کجی ہے وہ تو اس کی متشابہ آیتوں کے پیچھے لگ جاتے ہیں۔
سَبْتٌ	ہفتہ کا دن	6	وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِيْنَ اعْتَدَوْا مِنْكُمْ فِي السَّبْتِ. (البقرة:٦٥) اور یقیناً تمہیں ان لوگوں کا علم بھی ہے جو تم میں سے ہفتہ کے بارے میں حد سے بڑھ گئے۔
سُبَاتٌ	نیند یا اونگھ	2	وَجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا. (النبأ:٩) اور ہم نے تمہاری نیند کو آرام کا سبب بنایا۔
أَسْبَاطٌ	اولاد	5	وَأَوْحَيْنَا إِلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَإِسْمَاعِيْلَ وَإِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْأَسْبَاطِ. (النساء:١٦٣) اور ہم نے وحی کی ابراہیم اور اسماعیل اور اسحاق اور یعقوب اور ان کی اولاد کی طرف۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
سِجِلٌّ	معاہدات کا رجسٹر طومار	1	يَوْمَ نَطْوِي السَّمَآءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ. (الانبیاء: ۱۰۴) جس دن ہم آسمان کو یوں لپیٹ لیں گے جیسے طومار میں اوراق لپیٹ دیئے جاتے ہیں۔
سِجِّيلٌ	کنکر	3	وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيلٍ مَّنْضُودٍ. (هود: ۸۲) اوران پر کنکر ملے پتھر برسائے جوتہ بہ تہ تھے۔
سُحْتٌ	حرام، ہر وہ کمائی جوخبیث وقبیح ہو	4	سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ اَكّٰلُوْنَ لِلسُّحْتِ. (المائدة: ٤٢) یہ کان لگا لگا کر جھوٹ کے سننے والے اور جی بھر بھر کر حرام کے کھانے والے ہیں۔
سَحَرٌ	صبح سویرے، پچھلی رات سے	3	نَّجَّيْنٰهُمْ بِسَحَرٍ. (القمر: ٣٤) انہیں ہم نے سحر کے وقت نجات دی۔
سَاحِلٌ	سمندر کا کنارہ	1	فَاقْذِفِيْهِ فِي الْيَمِّ فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ. (طه: ٣٩) دریا میں چھوڑ دے، پس دریا سے کنارے لا ڈالے گا۔
سَدٌّ	آڑ	2	وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا. (يس: ۹) اور ہم نے ایک آڑ ان کے سامنے کر دی۔
سِدْرٌ	بیر	4	ذَوَاتَيْ اُكُلٍ خَمْطٍ وَّاَثْلٍ وَّشَيْءٍ مِّنْ سِدْرٍ قَلِيْلٍ. (سبا: ١٦) دو ایسے باغ (دیئے جو) بدمزہ میوہ والے اور بکثرت جھاؤ اور کچھ بیری کے درختوں والے تھے۔
سَرَابٌ	ریت، وہ ریگستانی ریت جو دوپہر کے وقت دھوپ کی تیزی کی وجہ سے پانی جیسی نظر آتی ہے	2	اَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍ بِقِيْعَةٍ يَّحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ مَآءً. (النور: ٣٩) اور کافروں کے اعمال مثل اس چمکتی ہوئی ریت کے ہیں جو چٹیل میدان میں ہو جسے پیاسا شخص دور سے پانی سمجھتا ہے۔
سَرَابِيْلُ	کرتہ	3	وَجَعَلَ لَكُمْ سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ. (النحل: ٨١) اور اسی نے تمہارے لئے کرتے بنائے ہیں جو تمہیں گرمی سے بچائیں۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
سِرَاجٌ	چراغ	4	وَجَعَلَ فِيهَا سِرَاجًا وَّقَمَرًا مُّنِيرًا. (الفرقان: ٦١) اور اس میں آفتاب بنایا اور منور مہتاب بھی۔
سَرْدٌ	زرہ۔ زرہ کے حلقے کڑیاں	1	أَنِ اعْمَلْ سَابِغَاتٍ وَّقَدِّرْ فِي السَّرْدِ (سبا: ١١) کہ تو پوری پوری زرہیں بنا اور جوڑوں میں اندازہ رکھ۔
سُرَادِقُ	قنات، خیمہ، شامیانہ	1	إِنَّا أَعْتَدْنَا لِلظَّالِمِينَ نَارًا أَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا. (الکہف: ٢٩) ظالموں کے لئے ہم نے وہ آگ تیار کر رکھی ہے جس کی قناتیں انہیں گھیر لیں گی۔
سُرُرٌ (سریر کی جمع)	تخت، تختِ شاہی	6	فِي جَنَّاتِ النَّعِيمِ عَلَى سُرُرٍ مُّتَقَابِلِينَ. (الصافات: ٤٤) نعمتوں والی جنتوں میں تختوں پر ایک دوسرے کے سامنے (بیٹھے) ہوں گے۔
سَرْمَدٌ	ہمیشہ	2	قُلْ اَرَأَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ اللَّيْلَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ. (القصص: ٧١) کہہ دیجئے! کہ دیکھو تو سہی اگر اللہ تعالیٰ تم پر رات ہی رات قیامت تک برابر کر دے۔
سَفِينَةٌ	کشتی	4	فَانْطَلَقَا حَتّٰى اِذَا رَكِبَا فِي السَّفِينَةِ خَرَقَهَا. (الکہف: ٧١) پھر وہ دونوں چلے، یہاں تک کہ ایک کشتی میں سوار ہوئے، خضر نے اس کے تختے توڑ دیئے۔
سَقْفٌ	چھت	4	فَخَرَّ عَلَيْهِمُ السَّقْفُ مِنْ فَوْقِهِمْ. (النحل: ٢٦) (آخر) اللہ نے (ان کے منصوبوں) کی عمارتوں کو جڑوں سے اکھیڑ دیا اور ان (کے سروں) پر (ان کی) چھتیں اوپر سے گر پڑیں۔
سِكِّينٌ	چھری	1	وَاٰتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّينًا. (یوسف: ٣١) اور اس نے عورتوں میں ہر ایک کو چھری پکڑا دی۔
اَسْلِحَةٌ	ہتھیار	4	وَدَّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ تَغْفُلُونَ عَنْ اَسْلِحَتِكُمْ وَاَمْتِعَتِكُمْ. (النساء: ١٠٢) کافر چاہتے ہیں کہ کسی طرح تم اپنے ہتھیاروں اور اپنے سامان سے بے خبر ہو جاؤ۔

bestUrduBooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
سِلْسِلَةٌ	زنجیر	3	ثُمَّ فِيْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ. (الحاقة: ٣٢) پھر اسے ایسی زنجیر میں جس کی پیائش ستر ہاتھ کی ہے جکڑ دو۔
سُلَالَةٌ	چنا ہوا، نچڑا ہوا	2	وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلَالَةٍ مِنْ طِيْنٍ. (المؤمنون: ١٢) یقیناً ہم نے انسان کو مٹی کے جوہر سے پیدا کیا۔
سِلْمٌ	اسلام	1	يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِي السِّلْمِ كَآفَّةً. (البقرة: ٢٠٨) اے ایمان والو! اسلام میں پورے پورے داخل ہو جاؤ۔
سَلْمٌ	صلح	6	وَ إِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ. (الانفال: ٦١) اگر وہ صلح کی طرف جھکیں تو تو بھی صلح کی طرف جھک جا اور اللہ پر بھروسہ رکھ۔
سُلَّمٌ	سیڑھی	2	أَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ يَّسْتَمِعُوْنَ فِيْهِ. (الطور: ٣٨) یا کیا ان کے پاس سیڑھی ہے جس پر چڑھ کر سنتے ہیں۔
سَلْوٰی	شہد، سلوی	3	وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَأَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى. (البقرة: ٥٧) اور ہم نے تم پر بادل کا سایہ کیا اور تم پر من و سلوی اتارا۔
سَمْكٌ	چھت	1	رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوّٰهَا. (النازعات: ٢٨) اس کی بلندی اونچی کی پھر اسے ٹھیک ٹھاک کر دیا۔
سَمٌّ	سوئی کا ناکہ	1	وَلَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ. (الاعراف: ٤٠) اور وہ لوگ کبھی جنت میں نہ جائیں گے جب تک کہ اونٹ سوئی کے ناکے کے اندر سے نہ چلا جائے۔
سَمُوْمٌ	لو، گرم ہوا	3	وَالْجَآنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ. (الحجر: ٢٧) اور اس سے پہلے جنات کو ہم نے لو والی آگ سے پیدا کیا۔
سَمِيْنٌ	موٹا	3	فَرَاغَ إِلٰى اَهْلِهٖ فَجَآءَ بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ. (الذاريات: ٢٦) پھر (چپ چاپ جلدی جلدی) اپنے گھر والوں کی طرف گئے اور ایک فربہ بچھڑے (کا گوشت) لائے۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
سُنبُلَةٌ	بالی،خوشہ	5	كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِیْ كُلِّ سُنۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ. (البقرہ: ۲٦۱) اس کی مثال اس دانے جیسی ہے جس میں سے سات بالیاں نکلیں اور ہر بالی میں سو دانے ہوں۔
سُنْدُسٌ	باریک ریشم	3	وَيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ. (الکہف: ۳۱) اور سبز رنگ کے نرم و باریک اور موٹے ریشم کے لباس پہنیں گے۔
تَسْنِيْمٌ	جنت کے ایک چشمہ کا نام	1	وَمِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِيْمٍ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُوْنَ. (المطففین: ۲۸) اور اس کی آمیزش تسنیم کی ہوگی۔ (یعنی) وہ چشمہ جس کا پانی مقرب لوگ پئیں گے۔
سِنٌّ	دانت	2	وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ. (المائدۃ: ٤٥) اور کان کے بدلے کان اور دانت کے بدلے دانت اور خاص زخموں کا بھی بدلہ ہے۔
سَنَا	کوند،بجلی کی چمک	1	يَكَادُ سَنَا بَرْقِهٖ يَذْهَبُ بِالْاَبْصَارِ. (النور: ٤۳) بادل ہی سے نکلنے والی بجلی کی چمک ایسی ہوتی ہے کہ گویا اب آنکھوں کی روشنی لے چلی۔
سُهُوْلٌ	نرم زمین، ہموار زمین	1	وَبَوَّاَكُمْ فِي الْاَرْضِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْ سُهُوْلِهَا قُصُوْرًا. (الاعراف: ۷٤) اور تم کو زمین پر رہنے کا ٹھکانا دیا کہ نرم زمین پر محل بناتے ہو۔
سَوْءَةٌ	لاش	2	يَبْحَثُ فِي الْاَرْضِ لِيُرِيَهٗ كَيْفَ يُوَارِيْ سَوْءَةَ اَخِيْهِ. (المائدۃ: ۳۱) (کوا) جو زمین کھود رہا تھا تا کہ اسے دکھائے کہ وہ کس طرح اپنے بھائی کی نعش کو چھپا دے۔
سَوْءَاتٌ	شرم گاہ	5	فَاَكَلَا مِنْهَا فَبَدَتْ لَهُمَا سَوْءٰتُهُمَا. (طٰہٰ: ۱۲۱) چنانچہ ان دونوں نے اس درخت سے کچھ کھا لیا پس ان کے ستر کھل گئے۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
سَاحَةٌ	میدان، صحن	1	فَإِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ. (الصافات: ۱۷۷) سنو! جب ہمارا عذاب ان کے میدان میں اتر آئے گا اس وقت ان کی جن کو متنبہ کر دیا گیا تھا بڑی بری صبح ہوگی۔
أَسْوَدُ	سیاہ، کالا	1	حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ. (البقرة: ۱۸۷) تم کھاتے پیتے رہو یہاں تک کہ صبح کا سفید دھاگہ سیاہ دھاگے سے ظاہر ہو جائے۔
سَيِّدٌ	سردار	3	مُصَدِّقًا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَسَيِّدًا وَّحَصُوْرًا. (آل عمران: ۳۹) اللہ تعالیٰ کے کلمہ کی تصدیق کرنے والا، سردار، ضابط نفس۔
سُوْرٌ	دیوار، شہر پناہ	1	فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ بَاطِنُهٗ فِيْهِ الرَّحْمَةُ. (الحديد: ۱۳) ان کے درمیان ایک دیوار حائل کر دی جائے گی جس میں دروازہ بھی ہوگا اس کے اندرونی حصہ میں تو رحمت ہوگی۔
أَسَاوِرُ	کنگن	5	يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ. (الكهف: ۳۱) وہاں یہ سونے کے کنگن پہنائے جائیں گے۔
سَوْطٌ	کوڑا	1	فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ. (الفجر: ۱۳) آخر تیرے رب نے ان سب پر عذاب کا کوڑا برسایا۔
سُوَاعٌ	ایک بت کا نام	1	وَقَالُوْا لَا تَذَرُنَّ وَدًّا وَّلَا سُوَاعًا وَّلَا يَغُوْثَ وَيَعُوْقَ وَنَسْرًا. (نوح: ۲۳) اور کہا انہوں نے کہ ہرگز اپنے معبودوں کو نہ چھوڑنا اور نہ ود اور سواع اور یغوث اور یعوق اور نسر کو (چھوڑنا)۔
سَاقٌ	پنڈلی	6	يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ وَّيُدْعَوْنَ إِلَى السُّجُوْدِ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ. (القلم: ۴۲) جس دن پنڈلی کھول دی جائے گی اور سجدے کے لئے بلائے جائیں گے تو (سجدہ) نہ کر سکیں گے۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنیٰ	تعداد	قرآنی مثال
اَسْوَاقٌ	بازار	2	وَقَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَأْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِي فِي الْأَسْوَاقِ. (الفرقان: ۷) اور انہوں نے کہا کہ یہ کیسا رسول ہے؟ کہ کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے۔
سِيْرَةٌ	حالت، عادت، طریقہ	1	قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ سَنُعِيْدُهَا سِيْرَتَهَا الْأُوْلٰى. (طٰه: ۲۱) فرمایا بےخوف ہوکر اسے پکڑ لے، ہم اسے اسی پہلی سی صورت میں دوبارہ لادیں گے۔
سَيَّارَةٌ	قافلہ، جماعت	3	أُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهٗ مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ. (المائدہ: ۹٦) تمہارے لئے دریا کا شکار پکڑنا اور اس کا کھانا حلال کیا گیا ہے۔ تمہارے فائدے کے واسطے اور مسافروں کے واسطے۔
سَيْلٌ	سیلاب	2	فَأَعْرَضُوْا فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ. (سبا: ۱٦) لیکن انہوں نے روگردانی کی تو ہم نے ان پر زور کے سیلاب (کا پانی) بھیج دیا۔
سَيْنَاءُ	ایک جگہ کا نام ہے	2	وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَاءَ تَنْبُتُ بِالدُّهْنِ. (المؤمنون: ۲۰) اور وہ درخت جو طور سینا پہاڑ سے نکلتا ہے جو تیل نکالتا ہے۔
شَأْنٌ	حالت، معاملہ	4	يَسْئَلُهٗ مَنْ فِي السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَأْنٍ. (الرّحمٰن: ۲۹) سب آسمان و زمین والے اسی سے مانگتے ہیں۔ ہر روز وہ ایک شان میں ہے۔
شَتّٰى	مختلف، جدا جدا	5	إِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى. (اللیل: ٤) یقیناً تمہاری کوشش مختلف قسم کی ہے۔
شِتَاءُ	سردی کا موسم، جاڑے	1	لِإِيْلَافِ قُرَيْشٍ إِيْلَافِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَاءِ وَالصَّيْفِ. (قریش: ۲) قریش کے مانوس کرنے کے لئے (یعنی) انہیں جاڑے اور گرمی کے سفر سے مانوس کرنے کے لئے۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
شُحُوْمٌ	چربی	1	وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُوْمَهُمَا. (الانعام: ١٤٦) گائے اور بکری میں سے دونوں کی چربیاں ان پر ہم نے حرام کر دی تھیں۔
شِرْذِمَةٌ	جماعت گروہ	1	إِنَّ هٰؤُلَآءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ. (الشعراء: ٥٤) کہ یقیناً یہ گروہ بہت ہی کم تعداد میں ہے۔
شَرَرٌ	چنگاری	1	إِنَّهَا تَرْمِيْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ. (المرسلات: ٣٢) یقیناً دوزخ چنگاریاں پھینکتی ہے جو مثل محل کے ہیں۔
اَشْرَاطٌ	نشانی، علامت	1	فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا. (محمد: ١٨) پھر جب ان کے پاس قیامت آجائے انہیں نصیحت کرنا کہاں ہوگا؟
شِرْعَةٌ	دستور، عادت	1	لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا. (المائدہ: ٤٨) تم میں سے ہر ایک کے لئے ہم نے ایک دستور اور راہ مقرر کر دی ہے۔
شَرِيْعَةٌ	طریقہ، اللہ کے مقرر کئے ہوئے احکام	1	ثُمَّ جَعَلْنَاكَ عَلٰى شَرِيْعَةٍ مِنَ الْأَمْرِ فَاتَّبِعْهَا. (الجاثیۃ: ١٨) پھر ہم نے آپ کو دین کی (ظاہر) راہ پر قائم کر دیا، سو آپ اسی پر لگے رہیں۔
شَرْقِيَّةٌ	مشرق	2	يُوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبَارَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ. (النور: ٣٥) وہ چراغ ایک بابرکت درخت زیتون کے تیل سے جلایا جاتا ہو جو درخت نہ مشرقی ہے نہ مغربی۔
شَطْأٌ	خوشہ، کنارہ	2	وَمَثَلُهُمْ فِي الْإِنْجِيْلِ كَزَرْعٍ أَخْرَجَ شَطْأَهٗ. (الفتح: ٢٩) اور ان کی مثال انجیل میں ہے، مثل اس کھیتی کے جس نے اپنا خوشہ نکالا۔
شَطْرٌ	جہت، جانب	5	فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ. (البقرۃ: ١٤٤) آپ اپنا منہ مسجد حرام کی طرف پھیر لیں۔
شُعُوْبٌ	بڑا قبیلہ، لوگوں کی	1	وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا. (الحجرات: ١٣) اور اس لئے کہ تم آپس میں ایک دوسرے کو پہچانو، کنبے اور قبیلے بنا دیئے۔
شُعَبٌ	حصہ، شاخ	1	اِنْطَلِقُوْا اِلٰى ظِلٍّ ذِيْ ثَلَاثِ شُعَبٍ. (المرسلات: ٣٠) چلو تین شاخوں والے سائے کی طرف۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
اَشْعَارٌ	بال	1	وَمِنْ أَصْوَافِهَا وَأَوْبَارِهَا وَاَشْعَارِهَا أَثَاثًا. (النحل: ۸۰) اوران کی اون اور روؤں اور بالوں سے بھی اس نے بہت سے سامان کی چیزیں بنائیں۔
شِعْرٌ	منظوم کلام	1	وَمَا عَلَّمْنَاهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْبَغِي لَهٗ. (یس: ۶۹) نہ تو ہم نے اس پیغمبر کو شعر سکھائے اور نہ یہ اس کے لائق ہے۔
شِعْرٰی	ایک ستارہ کا نام	1	وَأَنَّهٗ هُوَ رَبُّ الشِّعْرٰى. (النجم: ۴۹) اور یہ کہ وہی شعریٰ (ستارے) کا رب ہے۔
شَعَائِرُ	نشانی	4	إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ. (البقرۃ: ۱۵۷) صفا اور مروہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ہیں۔
شُغُلٌ	مشغلہ، مصروفیت، مشغولیت	1	إِنَّ أَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فَاكِهُوْنَ. (یس: ۵۵) جنتی لوگ آج کے دن اپنے (دلچسپ) مشغلوں میں ہشاش بشاش ہیں۔
شَفْعٌ	جفت	1	وَالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ وَاللَّيْلِ إِذَا يَسْرِ. (الفجر: ۳) اور جفت اور طاق کی! اور رات کی جب وہ چلنے لگے۔
شَفَقٌ	شام کے وقت کی سرخی	1	فَلَا أُقْسِمُ بِالشَّفَقِ وَاللَّيْلِ وَمَا وَسَقَ. (الانشقاق: ۱۶) مجھے شفق کی قسم! اور رات کی! اور اس کی جمع کردہ چیزوں کی قسم۔
شَفَةٌ	ہونٹ	1	أَلَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ عَيْنَيْنِ وَلِسَانًا وَّشَفَتَيْنِ. (البلد: ۹) کیا ہم نے اس کی دو آنکھیں نہیں بنائیں اور زبان اور ہونٹ (نہیں بنائے)؟
شَفَا	کنارہ	2	وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ. (آل عمران: ۱۰۳) اور تم آگ کے گڑھے کے کنارے پہنچ چکے تھے۔
شُقَّةٌ	مسافت	1	وَلٰكِنْ بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ (التوبۃ: ۴۲) لیکن ان پر دوری اور دراز کی مشکل پڑ گئی۔
شَكْلٌ	مشابہت طرح طرح	2	وَاٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖ أَزْوَاجٌ. (ص: ۵۸) اس کے علاوہ اور طرح طرح کے عذاب۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
مِشْكَاةٌ	طاق،جس میں چراغ رکھا جاتا ہے	1	مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكَاةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ. (النور: ۳۵) اصل کے نور کی مثال مثل ایک طاق کے ہے جس میں چراغ ہو۔
شِهَابٌ	انگارہ	5	اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ مُّبِيْنٌ. (الحجر: ۱۸) ہاں مگر جو چوری چھپے سننے کی کوشش کرے اس کے پیچھے دھکتا ہوا (کھلا شعلہ) لگتا ہے۔
شَهْوَةٌ	شہوت،خواہش	13	اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَاءِ. (الاعراف: ۸۱) تم مردوں کے ساتھ شہوت رانی کرتے ہو عورتوں کو چھوڑ کر۔
شُوْرٰى	مشورہ	3	وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ. (الشورى: ۳۸) اوران کا (ہر) کام آپس کے مشورے سے ہوتا ہے اور جو ہم نے انہیں دے رکھا ہے اس میں سے (ہمارے نام پر) دیتے ہیں۔
شُوَاظٌ	شعلہ	1	يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرَانِ. (الرحمن: ۳۵) تم پر آگ کے شعلے اور دھواں چھوڑا جائے گا پھر تم مقابلہ نہ کرسکو گے۔
شَوْكَةٌ	کانٹا(اسلحہ)	1	وَتَوَدُّوْنَ اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُوْنُ لَكُمْ. (الانفال: ۷) اور تم اس تمنا میں تھے کہ اسلحے کے بغیر جماعت تمہارے ہاتھ آجائے۔
شَوٰى	کلیجہ	1	كَلَّا اِنَّهَا لَظٰى نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰى. (المعارج: ۱۶) (مگر) ہرگز یہ نہ ہوگا، یقیناً وہ شعلہ والی (آگ) ہے۔ کلیجہ کو کھینچ لانے والی ہے۔
شِيْبٌ	بوڑھا	1	فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا. (المزمل: ۱۷) تم اگر کافر رہے تو اس دن کیسے پناہ پاؤ گے جو دن بچوں کو بوڑھا کردے گا۔
شَيْخٌ	بوڑھا	4	قَالَتَا لَا نَسْقِيْ حَتّٰى يُصْدِرَ الرِّعَاءُ وَاَبُوْنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ. (القصص: ۲۳) وہ بولیں کہ جب تک یہ چرواہے واپس نہ لوٹ جائیں ہم پانی نہیں پلاتیں اور ہمارے والد بہت بڑی عمر کے بوڑھے ہیں۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
صَابِئِیْنَ	ایک قوم جو ستاروں کی پرستش کیا کرتی تھی	3	اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِیْنَ هَادُوْا وَالنَّصَارٰی وَالصَّابِئِیْنَ. (البقرہ:٦٢) مسلمان ہوں، یہودی ہوں، نصاریٰ ہوں یا صابی ہوں۔
صِبْغَةٌ	رنگ	3	صِبْغَةَ اللّٰهِ. (البقرہ:١٣٨) اللہ کا رنگ اختیار کرو۔
صَبِیٌّ	لڑکا، لڑکپن	2	وَاٰتَیْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِیًّا. (مریم:١٢) اور ہم نے اسے لڑکپن ہی سے دانائی عطا فرمادی۔
صِحَافٌ	رکابی، پلیٹ	1	یُطَافُ عَلَیْهِمْ بِصِحَافٍ مِّنْ ذَهَبٍ وَّاَكْوَابٍ. (الزخرف:٧١) ان کے چاروں طرف سے سونے کی رکابیاں اور سونے کے گلاسوں کا دور چلایا جائے گا۔
صُحُفٌ	کتاب، لکھا ہوا کاغذ، ورق	8	أَوَلَمْ تَأْتِهِمْ بَیِّنَةُ مَا فِی الصُّحُفِ الْأُوْلٰی. (طٰہٰ ١٣٣) کیا ان کے پاس اگلی کتابوں کی واضح دلیل نہیں پہنچی؟
صَخْرٌ	چٹان، بڑا پتھر	3	وَثَمُوْدَ الَّذِیْنَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ. (الفجر:٩) اور ثمودیوں کے ساتھ جنہوں نے وادی میں بڑے بڑے پتھر تراشے تھے۔
صَدْعٌ	شگاف	1	وَالْأَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ. (الطارق:١٢) اور پھٹنے والی زمین کی قسم! بے شک یہ (قرآن) البتہ دوٹوک فیصلہ کرنے والا کلام ہے۔
صَرْحٌ	محل	4	قِیْلَ لَهَا ادْخُلِی الصَّرْحَ فَلَمَّا رَأَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً. (النمل:٤٤) اس سے کہا گیا کہ محل میں چلی چلو، جسے دیکھ کر یہ سمجھ کر کہ یہ حوض ہے۔
صِرٌّ	سردی	1	كَمَثَلِ رِیْحٍ فِیْهَا صِرٌّ اَصَابَتْ حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُوْا اَنْفُسَهُمْ. (آل عمران:١١٧) اس کی مثال یہ ہے کہ ایک تند ہوا چلی جس میں سردی تھا جو ظالموں کی کھیتی پر پڑا۔
صَرَّةٌ	شور، چیخ	1	فَأَقْبَلَتِ امْرَأَتُهٗ فِیْ صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا. (الذاریات:٢٩) پس ان کی بیوی آگے بڑھی اور حیرت میں آ کر اپنے منہ پر ہاتھ مار کر کہا۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
صَغِيْرٌ	چھوٹا	7	وَكُلُّ صَغِيْرٍ وَّكَبِيْرٍ مُّسْتَطَرٌ. (القمر: ۵۳) (اسی طرح) ہر چھوٹی بڑی بات بھی لکھی ہوئی ہے۔
صَغَارٌ	ذلت	1	سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا صَغَارٌ عِنْدَاللّٰهِ. (الانعام: ۱۲۴) عنقریب ان لوگوں کو جنہوں نے جرم کیا ہے اللہ کے پاس پہنچ کر ذلت پہنچے گی۔
اَصْفَادٌ	زنجیر	2	وَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ مُّقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ. (ابراھیم: ۴۹) آپ اس دن گناہ گاروں کو دیکھیں گے کہ زنجیروں میں ملے جلے ایک جگہ جکڑے ہوئے ہوں گے۔
صُفْرٌ	زرد رنگ	2	اِنَّهَا تَرْمِيْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ كَاَنَّهٗ جِمٰلَتٌ صُفْرٌ. (المرسلات: ۳۳) یقیناً دوزخ چنگاریاں پھینکتی ہے جو شل محل کے ہیں گویا کہ وہ زرد اونٹ ہیں۔
صَفْصَفٌ	ہموار صاف	1	فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا. (طٰہٰ: ۱۰۶) اور زمین کو بالکل ہموار صاف میدان کر کے چھوڑ دے گا۔
صَافِنَاتُ	گھوڑے	1	اِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصّٰفِنٰتُ الْجِيَادُ. (ص: ۳۱) جب ان کے سامنے شام کے وقت تیز رو خاصے گھوڑے پیش کئے گئے۔
صَفَا	پہاڑ کا نام	1	اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ. (البقرۃ: ۱۵۸) صفا اور مروہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ہیں۔
صَفْوَانٌ	صاف پتھر	1	فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ (البقرہ: ۲۶۴) اس کی مثال اس صاف پتھر کی طرح ہے جس پر تھوڑی سی مٹی ہو۔
صُلْبٌ	پیٹھ	2	خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ يَّخْرُجُ مِنْ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ. (الطارق: ۷) وہ ایک اچھلتے پانی سے پیدا کیا گیا ہے۔ جو پیٹھ اور سینے کے درمیان سے نکلتا ہے۔
صَمَدٌ	بے نیاز	1	قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ. (الاخلاص: ۲) آپ کہہ دیجئے کہ وہ اللہ تعالیٰ ایک (ہی) ہے۔ اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
صَوَامِعُ	گرجا	1	وَلَوْ لَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ. (الحج: ٤٠) اگر اللہ تعالیٰ لوگوں کو آپس میں ایک دوسرے سے نہ ہٹاتا رہتا تو عبادت خانے اور گرجے ڈھا دیے جاتے۔
اَصْنَامٌ	بت	5	فَأَتَوْا عَلٰى قَوْمٍ يَّعْكُفُوْنَ عَلٰى اَصْنَامٍ لَّهُمْ. (الاعراف: ١٣٨) پس ان لوگوں کا ایک قوم پر گزر ہوا جو اپنے چند بتوں سے لگے بیٹھے تھے۔
صِنْوَانٌ	ایک جڑ سے دو یا درخت کی یکساں اگنے والی شاخوں کو صنوان کہتے ہیں	2	وَجَنّٰتٌ مِنْ اَعْنَابٍ وَّزَرْعٌ وَّنَخِيْلٌ صِنْوَانٌ. (الرعد: ٤) اور انگوروں کے باغات ہیں اور کھیت ہیں اور کھجوروں کے درخت ہیں، شاخ دار۔
صِهْرٌ	قرابت، سسرال، داماد	1	فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا. (الفرقان: ٥٤) پھر اسے نسب والا اور سسرالی رشتوں والا کر دیا۔
صَوَابٌ	ٹھیک، درست لائق حق	1	لَا يَتَكَلَّمُوْنَ إِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا. (النساء: ٣٨) وہ بات نہیں کر سکیں گے مگر وہ جس کی رحمٰن اجازت دیدے اور وہ ٹھیک بات کرے۔
صُوْرَةٌ	شکل، صورت، حلیہ، تصویر، خیالی تصویر	9	فِيْٓ أَيِّ صُوْرَةٍ مَّا شَاءَ رَكَّبَكَ. (الانفطار: ٨) جس صورت میں چاہا تجھے جوڑ دیا۔
صُوَاعٌ	پیمانہ، پانی پینے کا پیالہ	1	قَالُوْا نَفْقِدُ صُوَاعَ المَلِكِ وَلِمَنْ جَاءَ بِهٖ حِمْلُ بَعِيْرٍ. (یوسف: ٧٢) جواب دیا کہ شاہی پیمانہ گم ہے جو اسے لے آئے اسے ایک اونٹ کے بوجھ کا غلہ ملے گا۔
اَصْوَافٌ	اون	1	وَمِنْ اَصْوَافِهَا وَاَوْبَارِهَا وَاَشْعَارِهَا أَثَاثًا وَّمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ. (النحل: ٨٠) اور ان کی اون اور روؤں اور بالوں سے بھی اس نے بہت سے سامان اور ایک وقت مقررہ تک کے لئے فائدہ کی چیزیں بنائیں۔

bestudubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
صَيْدٌ	شکار	7	يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ. (المائدہ: ٩٥) اے ایمان والو! (وحشی) شکار کو قتل مت کرو جب کہ تم حالت احرام میں ہو۔
صَيَاصٌ	قلعے	1	وَاَنْزَلَ الَّذِيْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِنْ اَهْلِ الْكِتَابِ مِنْ صَيَاصِيْهِمْ. (الاحزاب: ٢٦) اور جن اہل کتاب نے ان سے ساز باز کر لی تھی انہیں (بھی) اللہ تعالیٰ نے ان کے قلعوں سے نکال دیا۔
مَضْجَعٌ	خواب گاہ	3	فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ. (النساء: ٣٤) انہیں نصیحت کرو اور انہیں الگ بستروں پر چھوڑ دو اور انہیں مار کی سزا دو۔
ضُحٰى	دوپہر کا وقت	6	وَالضُّحٰى وَاللَّيْلِ اِذَا سَجٰى. (الضحٰی: ١) قسم ہے چاشت کے وقت کی اور قسم ہے رات کی جب چھا جائے۔
ضُعْفٌ	کمزوری	2	اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِنْ ضُعْفٍ. (الروم: ٥٤) اللہ تعالیٰ وہ ہے جس نے تمہیں کمزوری کی حالت میں پیدا کیا۔
ضِغْثٌ	تر و خشک گھاس کا گٹھا	3	خُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِهٖ وَلَا تَحْنَثْ. (ص: ٤٤) اور اپنے ہاتھ میں تنکوں کا ایک مٹھا (جھاڑو) لے کر مار دے اور قسم کے خلاف نہ کر۔
ضَنْكٌ	تنگ	1	وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا. (طٰہٰ: ١٢٤) اور (ہاں) جو میری یاد سے روگردانی کرے گا اس کی زندگی تنگی میں رہے گی۔
ضِيْزٰى	ناقص تقسیم، ظالم تقسیم	1	تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى. (النجم: ٢٢) یہ تو اب بڑی بے انصافی کی تقسیم ہے۔
ضَيْقٌ	تنگی، سختی	5	وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِمَّا يَمْكُرُوْنَ. (النحل: ١٢٧) اور وہ جو مکر و فریب یہ کرتے رہتے ہیں ان سے تنگ دل نہ ہوں۔
طَرِيْقٌ	راستہ	9	اِلَّا طَرِيْقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا اَبَدًا. (النساء: ١٦٩) بجز جہنم کی راہ کے جس میں وہ ہمیشہ ہمیشہ پڑے رہیں گے۔

besturdubooks.wordpress.com

قرآنی الفاظ	معنی	تعداد	قرآنی مثال
طَاغُوْتٌ	شیطان، معبودِ باطل، ہر حد سے تجاوز کرنے والا	8	وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِیَآءُ هُمُ الطَّاغُوْتُ. (البقرة: ۲۵۷) اور کافروں کے اولیاء شیاطین ہیں۔
طِفْلٌ	بچہ	4	اَوِ الطِّفْلِ الَّذِیْنَ لَمْ یَظْهَرُوْا عَلٰی عَوْرٰتِ النِّسَآءِ. (النور: ۳۱) یا ایسے بچوں کے جو عورتوں کے پردے کی باتوں سے مطلع نہیں۔
طَلْحٌ	کیلا	1	فِیْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ وَّطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ. (الواقعة: ۲۹) وہ بغیر کانٹوں کی بیریوں اور تہ بہ تہ کیلوں میں ہوں گے۔
طَلْعٌ	خوشہ	4	وَالنَّخْلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَّضِیْدٌ. (ق: ۱۰) اور کھجوروں کے بلند و بالا درخت جن کے خوشے تہ بہ تہ ہیں۔
طَمَعٌ	امید، توقع	4	وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا. (الاعراف: ۵۶) اور تم اللہ کی عبادت کرو اس سے ڈرتے ہوئے اور امیدوار رہتے ہوئے۔
طَآمَّةٌ	ہنگامہ	1	فَاِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰی. (النازعات: ۳٤) پس جب وہ بڑی آفت (قیامت) آجائے گی۔
طَوْدٌ	پہاڑ، بڑا ٹیلہ	1	فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِیْمِ. (الشعراء: ٦٣) پس اسی وقت دریا پھٹ گیا اور ہر ایک حصہ پانی کا مثل بڑے پہاڑ کے ہوگیا۔
اَطْوَارٌ	طرح طرح سے	1	مَا لَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ وَقَارًا وَقَدْ خَلَقَكُمْ اَطْوَارًا. (نوح: ۱٤) تمہیں کیا ہوگیا ہے کہ تم اللہ کی برتری کا عقیدہ نہیں رکھتے۔ حالانکہ اس نے تمہیں طرح طرح سے پیدا کیا ہے۔
